ذٰلِكَ ③	هُوَ الْفَضْلُ ④	الْكَبِيْرُ (22)	ذٰلِكَ ③	الَّذِيْ
یہ	ہی فضل (ہے)	بہت بڑا	(یہی) وہ (انعام ہے)	جس کی

يُبَشِّرُ	اللّٰهُ	عِبَادَهُ ⑤	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
وہ خوشخبری دیتا ہے	اللہ	اپنے (ان) بندوں کو	جو	سب ایمان لائے

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ط ①	قُلْ ⑥	لَّآ	اَسْئَلُكُمْ
اور	انہوں نے اعمال کیے	نیک	آپ کہہ دیجیے	نہیں	میں مانگتا تم سے

عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِلَّا	الْمَوَدَّةَ ①	فِي الْقُرْبٰى ط ①	وَ	مَنْ
اس پر	کوئی صلہ	مگر	محبت (دوستی کا خیال تو رکھیں)	رشتہ داری میں	اور	جو

يَّقْتَرِفْ	حَسَنَةً ①	نَّزِدْ	لَهٗ	فِيْهَا	حُسْنًا ط
وہ کماتا ہے	نیکی (تو)	ہم زیادہ کردیتے ہیں	اس کے لیے	اس میں	بھلائی (خوبی کو)

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں ات، ـی، ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ④ هُوَ کے بعد ایسا اسم جس کے شروع میں الْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑥ قُلْ دراصل قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق وْ کو گرا دیا گیا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿23﴾	بیشک اللہ بہت بخشنے والا بہت قدر دان ہے۔ ﴿23﴾
اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ	کیا وہ کہتے ہیں اس (نبی) نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے
فَاِنۡ يَّشَاِ اللّٰهُ	پس اگر اللہ چاہے
يَخۡتِمۡ عَلٰى قَلۡبِكَ ؕ	(تو) وہ مہر لگا دے آپ کے دل پر
وَيَمۡحُ اللّٰهُ الۡبَاطِلَ	اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے
وَيُحِقُّ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ	اور حق کو ثابت کرتا ہے اپنی باتوں سے
اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ	بے شک وہ خوب جاننے والا ہے
بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿24﴾	سینوں والی باتوں کو۔ ﴿24﴾
وَهُوَ الَّذِىۡ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ	اور وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ
عَنۡ عِبَادِهٖ وَيَعۡفُوۡا	اپنے بندوں کی اور وہ درگزر کرتا ہے
عَنِ السَّيِّاٰتِ	برائیوں سے
وَيَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿25﴾ لا	اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ ﴿25﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

غَفُوۡرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	عَلِيۡمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
شَكُوۡرٌ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔	بِذَاتِ	: ذات، ذاتی طور پر، بذاتِ خود۔
افۡتَرٰى	: افترٰی پردازی، مفتری۔	الصُّدُوۡرِ	: صدری علم، شرح صدر، ضیق الصدر۔
يَّشَاِ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	يَقۡبَلُ	: قبول، قبولیت، مقبول۔
يَخۡتِمۡ	: ختم نبوت، خاتم النبیین۔	عِبَادِهٖ	: عبد، عابد، عبادت، معبود۔
قَلۡبِكَ	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	يَعۡفُوۡا	: معاف، عفوودرگزر، معافی۔
يَمۡحُ	: محو ہونا (مٹانا)۔	السَّيِّاٰتِ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
بِكَلِمٰتِهٖ	: بالمقابل، بالکل/کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔	تَفۡعَلُوۡنَ	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔

اِنَّ ①	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ ②	شَكُوْرٌ ② ﴿23﴾	اَمْ ③	یَقُوْلُوْنَ
بے شک	اللہ	بہت بخشنے والا	بہت قدردان (ہے)	کیا	وہ سب کہتے ہیں

افْتَرٰی	عَلَی اللّٰهِ	كَذِبًا ج	فَاِنْ	یَّشَاِ اللّٰهُ ④
اس (نبی) نے باندھا ہے	اللہ پر	جھوٹ	پس اگر	اللہ چاہے

یَخْتِمْ	عَلٰی قَلْبِكَ ⑤ ط	وَ	یَمْحُ ④	اللّٰهُ ⑥	الْبَاطِلَ ⑥
(تو) وہ مہر لگادے	آپ کے دل پر	اور	مٹاتا ہے	اللہ	باطل (کو)

وَ	یُحِقُّ	الْحَقَّ ⑥	بِكَلِمٰتِهٖ ط	اِنَّهٗ
اور	وہ ثابت کرتا ہے	حق (کو)	اپنی باتوں سے	بے شک وہ

عَلِیْمٌۢ ②	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿24﴾	وَ	هُوَ	الَّذِیْ
خوب جاننے والا (ہے)	سینوں والی باتوں کو	اور	وہی (ہے)	جو

یَقْبَلُ	التَّوْبَةَ ⑥	عَنْ عِبَادِهٖ	وَ	یَعْفُوْا ⑦
وہ قبول کرتا ہے	توبہ	اپنے بندوں سے	اور	وہ درگزر کرتا ہے

عَنِ السَّیِّاٰتِ	وَ	یَعْلَمُ	مَا ⑧	تَفْعَلُوْنَ ﴿25﴾ لا
برائیوں سے	اور	وہ جانتا ہے	جو	تم سب کرتے ہو

ضروری وضاحت

① اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ آپ کا یا تمہارا کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر والا اسم ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ و لفظ کا حصہ ہے اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ⑧ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَيَسۡتَجِيۡبُ الَّذِيۡنَ	اور وہ قبول کرتا ہے (دعا ان لوگوں کی) جو
اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے
وَيَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اور وہ زیادہ دیتا ہے انہیں اپنے فضل سے
وَالۡكٰفِرُوۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ﴿26﴾	اور (جو) کافر ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ ﴿26﴾
وَلَوۡ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِهٖ	اور اگر اللہ فراخ کر دیتا رزق کو اپنے بندوں کے لیے
لَبَغَوۡا فِى الۡاَرۡضِ	(تو) یقیناً وہ سرکش ہو جاتے زمین میں
وَلٰكِنۡ يُّنَزِّلُ	اور لیکن وہ اُتارتا ہے
بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ	ایک اندازے کے ساتھ جتنا وہ چاہتا ہے
اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ	بے شک وہ اپنے بندوں سے
خَبِيۡرٌۢ بَصِيۡرٌ ﴿27﴾	بہت باخبر خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿27﴾
وَهُوَ الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ	اور وہی ہے جو بارش نازل کرتا ہے
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا	(اس کے) بعد کہ وہ ناامید ہو چکے ہوتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَسۡتَجِيۡبُ	مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔	لَبَغَوۡا	باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
اٰمَنُوۡا	امن، ایمان، مومن۔	الۡاَرۡضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
عَمِلُوۡا	عمل، اعمال صالحہ، معمول زندگی۔	يُنَزِّلُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الصّٰلِحٰتِ	اصلاح، اعمال صالحہ۔	بِقَدَرٍ	مقدار، حصہ بقدر جثہ۔
يَزِيۡدُهُمۡ	زیادہ، مزید، زائد۔	يَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
فَضۡلِهٖ	فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	خَبِيۡرٌ	خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر، خبیر۔
شَدِيۡدٌ	شدید، اشد، متشدد، تشدد، شدت۔	بَصِيۡرٌ	سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
بَسَطَ	بساط، بساط کے مطابق، بساط لپیٹنا۔	بَعۡدِ	بعد از طعام، بعد از مرگ، بعد الموت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

وَ	يَسْتَجِيْبُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اور	وہ قبول کرتا ہے (دعا)	(اُن لوگوں کی) جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کیے

الصّٰلِحٰتِ	وَ	يَزِيْدُهُمْ ①	مِّنْ فَضْلِهٖ ط ②	وَالْكٰفِرُوْنَ
نیک	اور	وہ زیادہ دیتا ہے انہیں	اپنے فضل سے	اور (جو) سب کافر (ہیں)

لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ ﴿26﴾	وَلَوْ ③	بَسَطَ اللّٰهُ ④
ان کے لیے	عذاب (ہے)	سخت	اور اگر	فراخ کر دیتا اللہ

الرِّزْقَ ④	لِعِبَادِهٖ ②	لَبَغَوْا ⑤	فِي الْاَرْضِ
رزق کو	اپنے بندوں کے لیے	(تو) یقیناً وہ سب سرکش ہو جاتے	زمین میں

وَلٰكِنْ	يُّنَزِّلُ	بِقَدَرٍ ⑥	مَّا	يَشَآءُ ط	اِنَّهٗ
اور لیکن	وہ اُتارتا ہے	ایک اندازے کے ساتھ	جتنا	وہ چاہتا ہے	بیشک وہ

بِعِبَادِهٖ ②	خَبِيْرٌۢ ⑦	بَصِيْرٌ ﴿27﴾ ⑦	وَهُوَ	الَّذِيْ
اپنے بندوں سے	بہت باخبر	خوب دیکھنے والا (ہے)	اور وہی (ہے)	جو

يُنَزِّلُ	الْغَيْثَ ④	مِنْۢ بَعْدِ مَا ⑧	قَنَطُوْا
وہ نازل کرتا ہے	بارش	(اس کے) بعد کہ	وہ سب نا اُمید ہو چکے ہوتے ہیں

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ② اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ③ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ لَ تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔

وَیَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ	اور وہ اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے
وَهُوَ الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿28﴾	اور وہی کارساز بہت تعریف کے لائق ہے۔ ﴿28﴾
وَمِنۡ اٰیٰتِهٖ	اور اس کی نشانیوں میں سے
خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا	آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا ہے اور (انکا بھی) جو
بَثَّ فِیۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ	اس نے پھیلا دیے ان دونوں میں کوئی جاندار
وَهُوَ عَلٰی جَمۡعِهِمۡ	اور وہ ان کے اکٹھا کرنے پر
اِذَا یَشَآءُ قَدِیۡرٌ ﴿29﴾ ع	جب وہ چاہے خوب قادر ہے۔ ﴿29﴾ ع
وَمَاۤ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ	اور جو (بھی) تمہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے
فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ	تو وہ اسی کی وجہ سے ہے جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا
وَیَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿30﴾ ؕ	اور وہ درگزر کر دیتا ہے بہت سی باتوں سے۔ ﴿30﴾
وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚۖ	اور نہیں ہو تم ہرگز عاجز کرنے والے (اسے) زمین میں
وَمَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	اور نہیں تمہارا اللہ کے سوا

رکوع 3 10/4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَنۡشُرُ	ناشر، منشور، نشر و اشاعت، نشریات۔	قَدِیۡرٌ	قدرت، قادر، قدیر۔
رَحۡمَتَهٗ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	اَصَابَکُمۡ	مصیبت، آلام و مصائب۔
الۡوَلِیُّ	ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔	کَسَبَتۡ	کسبِ حلال، وہبی و کسبی، اکتسابِ فیض۔
الۡحَمِیۡدُ	حمد و ثنا، حامد، محمود۔	اَیۡدِیۡکُمۡ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خَلۡقُ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	یَعۡفُوۡا	معاف، عفو و درگزر، معافی۔
السَّمٰوٰتِ	ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	کَثِیۡرٍ	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
جَمۡعِهِمۡ	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	بِمُعۡجِزِیۡنَ	عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
یَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	الۡاَرۡضِ	ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔

وَ	يَنْشُرُ	رَحْمَتَهٗ ؕ	وَ	هُوَ الْوَلِيُّ ①
اور	وہ پھیلا دیتا ہے	اپنی رحمت	اور	وہی کارساز

الْحَمِيْدُ (28)	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	خَلْقُ	السَّمٰوٰتِ ②
بہت تعریف والا (ہے)	اور	اس کی نشانیوں میں سے	پیدا کرنا (ہے)	آسمانوں

وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَثَّ	فِيْهِمَا	مِنْ دَآبَّةٍ ②③ ؕ
اور	زمین (کا)	اور	(انکا بھی) جو	اس نے پھیلا دیے	ان دونوں میں	جاندار

وَ	هُوَ	عَلٰى جَمْعِهِمْ	اِذَا	يَشَآءُ	قَدِيْرٌ (29) ع
اور	وہ	ان کے اکٹھا کرنے پر	جب	وہ چاہے	خوب قادر (ہے)

ع 3/10 اربع

وَ	مَآ	اَصَابَكُمْ ④	مِّنْ مُّصِيْبَةٍ ②③⑤	فَبِمَا	كَسَبَتْ ②
اور	جو	تمہیں پہنچتی ہے	کوئی مصیبت	تو وہ اسی کی وجہ سے ہے جو	کمایا

اَيْدِيْكُمْ ④	وَ	يَعْفُوْا ⑥	عَنْ كَثِيْرٍ (30) ؕ	وَ	مَآ	اَنْتُمْ
تمہارے ہاتھوں نے	اور	وہ درگزر کر دیتا ہے	بہت سی باتوں سے	اور	نہیں	(ہو) تم

بِمُعْجِزِيْنَ ⑦	فِي الْاَرْضِ ۚۖ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ③
ہر گز سب عاجز کرنے والے	زمین میں	اور نہیں	تمہارے لیے	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

① هُوَ کے بعد الْ والے اسم میں وہی کا مفہوم ہوتا ہے۔② ة، ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ كُمْ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں، اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے ہوتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یہاں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ و لفظ کا حصہ اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔⑦ مَا کے بعد اسم کے شروع میں بِ کا ترجمہ نہیں ہوتا البتہ اسکی موجودگی میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیۡرٍ ﴿31﴾	کوئی کارساز اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿31﴾
وَمِنۡ اٰیٰتِهِ الۡجَوَارِ فِی الۡبَحۡرِ	اور اسکی نشانیوں میں سے سمندر میں چلنے والے جہاز ہیں
کَالۡاَعۡلَامِ ﴿32﴾ؕ	پہاڑوں کی طرح۔ ﴿32﴾
اِنۡ یَّشَاۡ یُسۡکِنِ الرِّیۡحَ	اگر وہ چاہے (تو) ہوا کو ٹھہرا دے
فَیَظۡلَلۡنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَهۡرِهٖ ؕ	پھر وہ کھڑے رہ جائیں اس (سمندر) کی سطح پر
اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ	بے شک اس میں واقعی نشانیاں ہیں
لِّکُلِّ صَبَّارٍ	ہر بہت صبر کرنے والے کے لیے
شَکُوۡرٍ ﴿33﴾ۙ	شکر کرنے والے (کے لیے)۔ ﴿33﴾
اَوۡ یُوۡبِقۡهُنَّ	یا (چاہے تو) وہ ہلاک کردے اُنہیں
بِمَا کَسَبُوۡا	(اس) کی وجہ سے جو انہوں نے کمایا
وَیَعۡفُ عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿34﴾ز	اور (چاہے تو) وہ درگزر کردے، بہت سوں سے۔ ﴿34﴾
وَّیَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ	اور (تاکہ) جان لیں (وہ لوگ) جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
وَّلِیٍّ : ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
نَصِیۡرٍ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
الۡبَحۡرِ : بحرِ قلزم، بحیرۂ عرب، برّ و بحر۔
کَالۡاَعۡلَامِ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
یَّشَاۡ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
یُسۡکِنِ : ساکن، سکون۔

الرِّیۡحَ : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔
لِّکُلِّ : لہٰذا/کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
صَبَّارٍ : صبرِ جمیل، صبر و تحمل، صابر۔
شَکُوۡرٍ : شکر، شاکر، اظہارِ تشکر، شکرگزار۔
کَسَبُوۡا : کسبِ حلال، وہبی و کسبی، اکتسابِ فیض۔
یَعۡفُ : معاف، عفو و درگزر، معافی۔
کَثِیۡرٍ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
یَعۡلَمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔

مِنْ وَّلِيٍّ ①②	وَّ	لَا	نَصِيْرٍ ② (31)	وَ
کوئی کارساز	اور	نہ	کوئی مددگار	اور

مِنْ اٰيٰتِهِ	الْجَوَارِ	فِي الْبَحْرِ	كَالْاَعْلَامِ ط (32)
اسکی نشانیوں میں سے	جہاز (ہیں)	سمندر میں (چلنے والے)	پہاڑوں کی طرح

اِنْ	يَّشَاْ	يُسْكِنِ	الرِّيْحَ ③	فَيَظْلَلْنَ ④
اگر	وہ چاہے (تو)	وہ ٹھہرا دے	ہوا (کو)	پھر وہ (کشتیاں) ہوجائیں

رَوَاكِدَ	عَلٰى ظَهْرِهٖ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ⑤
کھڑی ہونے والی	اس (سمندر) کی سطح پر	بے شک	اس میں

لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ ⑥	شَكُوْرٍ ⑥ لا (33)
واقعی نشانیاں (ہیں)	ہر بہت صبر کرنے والے کے لیے	شکر کرنے والے (کے لیے)

اَوْ	يُوْبِقْهُنَّ ④	بِمَا ⑦	كَسَبُوْا
یا (چاہے تو)	وہ ہلاک کردے انہیں	(اس کی) وجہ سے جو	انہوں نے کمایا

وَ	يَعْفُ	عَنْ كَثِيْرٍ ز (34)	وَّ	يَعْلَمَ	الَّذِيْنَ
اور (چاہے تو)	وہ درگزر کردے	بہت (سوں) سے	اور	(تاکہ) جان لیں	(وہ لوگ) جو

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④ ـنَ نْ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں اور هُنَّ بھی جمع مؤنث کی علامت ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کردیا جاتا ہے۔⑥ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔

یُجَادِلُوۡنَ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا ؕ	ہماری آیات میں وہ جھگڑتے ہیں
مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿35﴾	(کہ) نہیں ہے ان کے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ۔ ﴿35﴾
فَمَاۤ اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ	پس جو بھی کوئی چیز تم دیے گئے ہو
فَمَتَاعُ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا ۚ وَمَا	تو (وہ) دنیوی زندگی کا سامان ہے، اور جو کچھ
عِنۡدَ اللّٰهِ خَیۡرٌ وَّ اَبۡقٰی	اللہ کے پاس ہے وہ بہت بہتر اور بہت پائیدار ہے
لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	(اُن لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
وَعَلٰی رَبِّهِمۡ یَتَوَکَّلُوۡنَ ﴿36﴾ ۚ	اور اپنے رب پر وہ بھروسا کرتے ہیں۔ ﴿36﴾
وَالَّذِیۡنَ یَجۡتَنِبُوۡنَ کَبٰٓئِرَ الۡاِثۡمِ	اور (وہ لوگ) جو بچتے ہیں کبیرہ گناہوں (سے)
وَالۡفَوَاحِشَ وَ اِذَا مَا غَضِبُوۡا	اور بے حیائیوں سے اور جونہی وہ غصہ کرتے ہیں
هُمۡ یَغۡفِرُوۡنَ ﴿37﴾ ۚ	(تو) وہ معاف کر دیتے ہیں۔ ﴿37﴾
وَالَّذِیۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّهِمۡ	اور (وہ لوگ) جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَ اَمۡرُهُمۡ	اور اُنہوں نے نماز قائم کی، اور ان کا کام

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُجَادِلُوۡنَ : جنگ وجدل، جدال۔	کَبٰٓئِرَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
فَمَتَاعُ : متاعِ کارواں، مال ومتاع۔	الۡفَوَاحِشَ : فحش، فحاشی، فواحش، فاحشہ۔
الۡحَیٰوةِ : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	غَضِبُوۡا : غیظ وغضب، غضبناک۔
عِنۡدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	یَغۡفِرُوۡنَ : مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
خَیۡرٌ : خیر، خیریت، خیرخواہی، صدقہ وخیرات۔	اسۡتَجَابُوۡا : مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔
اَبۡقٰی : باقی، بقایا، بقیہ۔	اَقَامُوا : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
یَتَوَکَّلُوۡنَ : توکل، متوکل علی اللہ۔	الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی، صلاۃ تسبیح۔
یَجۡتَنِبُوۡنَ : اجتناب۔	اَمۡرُهُمۡ : امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ	مَا	لَهُمْ
وہ سب جھگڑتے ہیں	ہماری آیات میں	(کہ) نہیں (ہے)	ان کے لیے

مِّنْ مَّحِيْصٍ ①② (35)	فَمَآ	اُوْتِيْتُمْ ③	مِّنْ شَيْءٍ ①②
کوئی بھاگنے کی جگہ	پس جو (بھی)	تم دیے گئے ہو	کوئی چیز

فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ	وَ	مَا	عِنْدَ اللّٰهِ	خَيْرٌ
تو (وہ) سامان (ہے)	دنیوی زندگی (کا)	اور	جو (کچھ)	اللہ کے پاس (ہے)	(وہ) بہتر

وَّ	اَبْقٰى ④	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ
اور	زیادہ پائیدار (ہے)	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	اور	اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ⑤ ۚ (36)	وَ	الَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
وہ سب بھروسہ کرتے ہیں	اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب بچتے ہیں	کبیرہ گناہوں (سے)

وَ	الْفَوَاحِشَ	وَ	اِذَا مَا ⑥	غَضِبُوْا	هُمْ يَغْفِرُوْنَ ⑦ ۚ (37)
اور	بے حیائیوں (سے)	اور	جونہی	وہ سب غصہ کریں	(تو) وہ سب معاف کردیتے ہیں

وَالَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا	لِرَبِّهِمْ ⑧	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ ص	وَاَمْرُهُمْ
اور (وہ لوگ) جن	سب نے حکم مانا	اپنے رب کا	اور اُن سب قائم کی	نماز	اور انکا کام

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
⑤ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اِذَا کے ساتھ جب مَا ہو تو ترجمہ جونہی کیا جاتا ہے۔
⑦ هُمْ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑧ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ لیے ہوتا ہے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کردیا جاتا ہے۔

شُوۡرٰی بَیۡنَهُمۡ ۪ وَ مِمَّا	آپس میں مشورہ کرنا ہے اور (اس) میں سے جو
رَزَقۡنٰهُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿38﴾	ہم نے انہیں رزق دیا ہے وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿38﴾
وَ الَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الۡبَغۡیُ	اور (وہ لوگ) جو کہ جب ان پر زیادتی ہوتی ہے
هُمۡ یَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿39﴾	(تو) وہ بدلہ لیتے ہیں۔ ﴿39﴾
وَ جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثۡلُهَا ۚ	اور برائی کا بدلہ اس جیسی برائی ہے
فَمَنۡ عَفَا وَ اَصۡلَحَ	پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کر لے
فَاَجۡرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ؕ	تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے
اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿40﴾	بے شک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ ﴿40﴾
وَ لَمَنِ انۡتَصَرَ بَعۡدَ ظُلۡمِهٖ	اور بلاشبہ جو بدلہ لے اپنے (اوپر) ظلم کے بعد
فَاُولٰٓئِکَ	تو یہی (وہ لوگ ہیں کہ)
مَا عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿41﴾ ؕ	نہیں ہے ان پر کوئی (الزام کا) راستہ۔ ﴿41﴾
اِنَّمَا السَّبِیۡلُ عَلَی الَّذِیۡنَ	بیشک صرف راستہ (الزام) تو (ان لوگوں) پر ہے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شُوۡرٰی	: مشورہ، مشاورت، مجلس شوریٰ۔	سَیِّئَةٍ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
بَیۡنَهُمۡ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مِّثۡلُهَا	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
مِمَّا	: منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	عَفَا	: معاف، عفو و درگزر، معافی۔
یُنۡفِقُوۡنَ	: نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	اَصۡلَحَ	: اصلاح، صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
وَ	: شام و سحر، لیل و نہار، عزت و ذلت۔	فَاَجۡرُهٗ	: اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔
اَصَابَهُمُ	: مصیبت، آلام و مصائب۔	یُحِبُّ	: حب، حبیب، محب، محبت۔
الۡبَغۡیُ	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔	الظّٰلِمِیۡنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
جَزٰٓؤُا	: جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	سَبِیۡلٍ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

شُوْرٰی	بَيْنَهُمْ ۖ	وَ	مِمَّا ①	رَزَقْنٰهُمْ
مشورہ کرنا (ہے)	اُنکے درمیان (آپس میں)	اور	(اس) میں سے جو	ہم نے رزق دیا ہے انہیں

يُنْفِقُوْنَ ﴿38﴾ ج	وَ	الَّذِيْنَ	اِذَآ	اَصَابَهُمُ
وہ سب خرچ کرتے ہیں	اور	(وہ لوگ کہ) جو	جب	ان پر ہوتی ہے

الْبَغْيُ	هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿39﴾ ②	وَ	جَزٰٓؤُا	سَيِّئَةٍ	سَيِّئَةٌ
زیادتی	(تو) وہ سب بدلہ لیتے ہیں	اور	بدلہ	برائی (کا)	برائی (ہے)

مِّثْلُهَا ج	فَمَنْ ③	عَفَا	وَ	اَصْلَحَ	فَاَجْرُهٗ ③
اس جیسی	پھر جو	معاف کردے	اور	اصلاح کرلے	تو اس کا اجر

عَلَى اللّٰهِ ط ④	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الظّٰلِمِيْنَ ﴿40﴾	وَ	لَمَنِ
اللہ کے ذمے ہے	بے شک وہ	وہ پسند نہیں کرتا	ظالموں کو	اور	بلاشبہ جو

انْتَصَرَ	بَعْدَ ظُلْمِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ ③⑤	مَا	عَلَيْهِمْ
بدلہ لے	اپنے (اوپر) ظلم کے بعد	تو یہی وہ لوگ ہیں کہ	نہیں (ہے)	ان پر

مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿41﴾ ⑥⑦ ط	اِنَّمَا ⑧	السَّبِيْلُ	عَلَى الَّذِيْنَ
(الزام کا) کوئی راستہ	بے شک صرف	راستہ (الزام)	(تو اُن لوگوں) پر (ہے) جو

ضروری وضاحت

① مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ② هُمْ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ③ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پھر کبھی تو کبھی پس اور کبھی سو ہوتا ہے۔ ④ عَلٰی کا اصل ترجمہ پر ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ ذمے ہے کیا گیا ہے۔ ⑤ اُولٰٓئِكَ اشارہ بعید کیلئے جمع کی علامت ہے اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں بیشک کے ساتھ صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔

يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ	لوگوں پر ظلم کرتے ہیں
وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ	اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ	یہی لوگ ہیں (کہ) اِن کے لیے
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿42﴾	دردناک عذاب ہے۔ ﴿42﴾
وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ	اور بلاشبہ جو صبر کرے اور معاف کرے بیشک یہ
لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿43﴾ ع	یقیناً بڑی ہمت کے کاموں سے ہے۔ ﴿43﴾
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ گمراہ کر دے
فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ	پھر نہیں ہے اُس کا کوئی دوست اس کے بعد
وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ	اور آپ دیکھیں کے ظالموں کو
لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ	(کہ) جب وہ عذاب کو دیکھیں گے (تو) کہیں گے
هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿44﴾ ج	کیا (دنیا میں) واپس جانے کی کوئی سبیل ہے۔ ﴿44﴾
وَتَرٰىهُمْ	اور آپ دیکھیں گے انہیں

ع 4 14 5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَظْلِمُوْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	عَزْمِ	عزم، عزائم، اولوا العزم۔
النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس۔	الْاُمُوْرِ	امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔
يَبْغُوْنَ	باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔	يُّضْلِلِ	ضلالت وگمراہی۔
الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	وَّلِيٍّ	ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
بِغَيْرِ	بغیر، اجازت کے بغیر، پینے کے بغیر۔	تَرٰى	رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
الْحَقِّ	حق وباطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔	يَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَلِيْمٌ	عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔	مَرَدٍّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔
غَفَرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	سَبِيْلٍ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

يَظْلِمُوْنَ	النَّاسَ ①	وَ	يَبْغُوْنَ	فِي الْاَرْضِ
وہ سب ظلم کرتے ہیں	لوگوں (پر)	اور	وہ سب سرکشی کرتے ہیں	زمین میں

بِغَيْرِ الْحَقِّ ② ؕ	اُولٰٓئِكَ ③	لَهُمْ ④	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ﴿42﴾
ناحق	یہی لوگ (ہیں)	(کہ) ان کے لیے	عذاب (ہے)	دردناک

وَ	لَمَنْ	صَبَرَ	وَ	غَفَرَ	اِنَّ	ذٰلِكَ ③
اور	بلاشبہ جو	صبر کرے	اور	معاف کرے	بے شک	یہ

ع 4 14 5

لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿43﴾ ع	وَ	مَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ
یقیناً بڑی ہمت کے کاموں میں سے (ہے)	اور	جسے	وہ گمراہ کردے	اللہ

فَمَا	لَهٗ ④	مِنْ وَّلِيٍّ ⑤⑥	مِّنْۢ بَعْدِهٖ ⑤ ؕ	وَ	تَرَى
پھر نہیں ہے	اس کا	کوئی دوست	اس کے بعد	اور	آپ دیکھیں گے

الظّٰلِمِيْنَ	لَمَّا	رَاَوُا ⑦	الْعَذَابَ ①	يَقُوْلُوْنَ
ظالموں کو	(کہ) جب	وہ سب دیکھیں گے	عذاب (کو)	(تو) وہ سب کہیں گے

هَلْ	اِلٰى مَرَدٍّ	مِّنْ سَبِيْلٍ ⑤⑥ ﴿44﴾ ج	وَ	تَرٰىهُمْ
کیا	(دنیا میں) واپسی کی طرف	کوئی سبیل (ہے)	اور	آپ دیکھیں گے انہیں

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔② یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ اُولٰٓئِكَ اور ذٰلِكَ ان دونوں کا ترجمہ وہ یا وہ لوگ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا یہ لوگ بھی کردیا جاتا ہے، اور عموماً ان دونوں کا استعمال بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔④ لَهُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا، پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ کیا گیا ہے۔⑤ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑦ رَاَوُا فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡهَا	(کہ) وہ پیش کیے جائیں گے اس (آگ) پر
خٰشِعِیۡنَ مِنَ الذُّلِّ	جھکے ہوئے ذلت (کی وجہ) سے
یَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ ؕ	وہ دیکھتے ہونگے چھپی نگاہ (کن انکھیوں) سے
وَقَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا	اور کہیں گے (وہ لوگ) جو ایمان لائے
اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ	بیشک خسارہ پانے والے (وہ لوگ ہیں) جنہوں نے
خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ	خسارے میں ڈالا اپنے آپ کو
وَاَهۡلِیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ؕ	اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن
اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ	آگاہ رہو بےشک ظالم لوگ (ہی)
فِیۡ عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ ﴿45﴾	دائمی عذاب میں ہونگے۔ ﴿45﴾
وَمَا کَانَ لَهُمۡ مِّنۡ اَوۡلِیَآءَ	اور نہیں ہوں گے ان کے لیے کوئی دوست
یَنۡصُرُوۡنَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ	(کہ) وہ ان کی مدد کریں اللہ کے سوا
وَمَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ	اور جسے اللہ گمراہ کردے تو نہیں ہے اس کے لیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُعۡرَضُوۡنَ : عرض، معروضات، عرضی نویس۔	اَنۡفُسَهُمۡ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
خٰشِعِیۡنَ : خشوع وخضوع۔	اَهۡلِیۡهِمۡ : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
الذُّلِّ : ذلت ورسوائی، ذلت آمیز۔	الۡقِیٰمَةِ : یوم قیامت، قیامتیں گزر گئیں۔
یَنۡظُرُوۡنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔	الظّٰلِمِیۡنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
خَفِیٍّ : خفیہ، مخفی، خفیہ طور پر۔	مُّقِیۡمٍ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَوۡلِیَآءَ : ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
اٰمَنُوۡۤا : امن، ایمان، مومن۔	یَنۡصُرُوۡنَهُمۡ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
الۡخٰسِرِیۡنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔	یُّضۡلِلِ : ضلالت وگمراہی۔

يُعۡرَضُوۡنَ ①	عَلَيۡهَا	خٰشِعِيۡنَ	مِنَ الذُّلِّ
وہ سب پیش کیے جائیں گے	اس (آگ) پر	سب جھکے ہوئے	ذلت (کی وجہ) سے

يَنۡظُرُوۡنَ	مِنۡ طَرۡفٍ خَفِىٍّ ؕ	وَ	قَالَ ②	الَّذِيۡنَ
وہ سب دیکھتے ہوں گے	چھپی نگاہ (کن انکھیوں) سے	اور	کہیں گے	(وہ لوگ) جو

اٰمَنُوۡۤا	اِنَّ ③	الۡخٰسِرِيۡنَ	الَّذِيۡنَ	خَسِرُوۡۤا
سب ایمان لائے	بیشک	سب خسارہ پانے والے	جن	سب نے خسارے میں ڈالا

اَنۡفُسَهُمۡ ④	وَ	اَهۡلِيۡهِمۡ ④	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ	اَلَاۤ ⑤
اپنے آپ (کو)	اور	اپنے گھر والوں (کو)	قیامت کے دن	آگاہ رہو

اِنَّ ③	الظّٰلِمِيۡنَ	فِىۡ عَذَابٍ مُّقِيۡمٍ ﴿45﴾	وَ	مَا	كَانَ ⑥
بے شک	سب ظالم لوگ ہی	دائمی عذاب میں (ہوں گے)	اور	نہیں	ہوں گے

لَهُمۡ	مِّنۡ اَوۡلِيَآءَ	يَنۡصُرُوۡنَهُمۡ	مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ ⑦
ان کے لیے	کوئی دوست	وہ سب مدد کریں ان کی	(کہ) اللہ کے سوا

وَ	مَنۡ	يُّضۡلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ
اور	جسے	وہ گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں (ہے)	اس کے لیے

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ② قَالَ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ ③ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ④ هُمۡ یا هِمۡ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑤ اَلَاۤ حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔ ⑥ كَانَ واحد فعل ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ⑦ دُوۡنَ سے پہلے مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

مِنْ سَبِيْلٍ ﴿46﴾	(ہدایت کا) کوئی راستہ۔ ﴿46﴾
اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ	اپنے رب کی (دعوت) قبول کرلو
مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ	اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے
لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ	جسکے ٹلنے کی کوئی صورت نہیں اللہ کی طرف سے
مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ	نہیں ہوگی تمہارے لیے اس دن کوئی جائے پناہ
وَّمَا لَكُمْ	اور نہ تمہارے لیے
مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿47﴾	(گناہوں سے) انکار کی کوئی صورت (ہوگی)۔ ﴿47﴾
فَاِنْ اَعْرَضُوْا	پھر اگر وہ منہ پھیرلیں
فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ	تو ہم نے آپ کو ان پر کوئی نگران بنا کر نہیں بھیجا
اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ	نہیں ہے آپ کے ذمے مگر پہنچا دینا
وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ	اور بے شک ہم جب انسان کو مزہ چکھاتے ہیں
مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ	اپنی طرف سے رحمت کا (تو) وہ خوش ہوتا ہے اس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَبِيْلٍ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اِسْتَجِيْبُوْا : مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔
قَبْلِ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
يَوْمٌ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مَرَدَّ : رد، مردود، تردید، مرتد۔
مَّلْجَاٍ : ملجا وماوٰی۔
نَّكِيْرٍ : منکر، انکار، انکاری ہونا۔
اَعْرَضُوْا : اعراض کرنا۔
اَرْسَلْنٰكَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
حَفِيْظًا : حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔
اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلایہ کہ۔
الْبَلٰغُ : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔
اَذَقْنَا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
رَحْمَةً : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
فَرِحَ : فرحت، مفرح قلب، تفریح۔

مِنْ سَبِيْلٍ ①② ط (46)	اِسْتَجِيْبُوْا	لِرَبِّكُمْ	مِّنْ قَبْلِ
(ہدایت کا) کوئی راستہ	تم سب دعوت قبول کرلو	اپنے رب کی	(اس) سے پہلے

اَنْ	يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا مَرَدَّ ③	لَهٗ ④	مِنَ اللّٰهِ ط
کہ	وہ آجائے	دن	کوئی ٹلنے کی (صورت) نہیں	اُس کے	اللہ (کی طرف) سے

مَا	لَكُمْ ④	مِّنْ مَّلْجَاٍ ①②	يَّوْمَئِذٍ	وَّ	مَا
نہیں (ہوگی)	تمہارے لیے	کوئی جائے پناہ	اس دن	اور	نہ

لَكُمْ ④	مِّنْ نَّكِيْرٍ ①② (47)	فَاِنْ	اَعْرَضُوْا
تمہارے لیے	(گناہوں سے) کوئی انکار (کی صورت ہوگی)	پھر اگر	وہ سب منہ پھیر لیں

فَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا ② ط
تو نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو	اُن پر	کوئی نگران (بناکر)

اِنْ ⑤	عَلَيْكَ	اِلَّا	الْبَلٰغُ ط	وَ	اِنَّآ ⑥	اِذَآ
نہیں (ہے)	آپ پر (یعنی آپکے ذمے)	مگر	پہنچا دینا	اور	بے شک ہم	جب

اَذَقْنَا ⑦	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً	فَرِحَ ⑦	بِهَا ج
ہم مزہ چکھاتے ہیں	انسان کو	اپنی (طرف) سے	رحمت کا	وہ خوش ہوتا ہے	اس پر

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ④ لَهٗ اور لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا، پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ کیا گیا ہے۔ ⑤ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑥ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑦ یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً حال میں کیا گیا ہے۔

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا	اور اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے (اس) وجہ سے جو
قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ	انکے ہاتھوں نے آگے بھیجا (تو وہ سب احسان بھول جاتے ہیں)
فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿48﴾	پس بے شک انسان بہت ناشکرا ہے۔ ﴿48﴾
لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ	وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے
يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا	جس کو چاہتا ہے وہ بیٹیاں عطا کرتا ہے
وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿49﴾ ۙ	اور جس کو چاہتا ہے وہ بیٹے عطا کرتا ہے۔ ﴿49﴾
اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ	یا ملا کر دیتا ہے اُنہیں بیٹے اور بیٹیاں
وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ	اور جسے چاہتا ہے وہ بانجھ کر دیتا ہے
اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿50﴾	بیشک وہ خوب علم والا ہے، بہت قدرت والا ہے۔ ﴿50﴾
وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ	اور کسی بشر کے لیے (ممکن) نہیں ہے
اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ	کہ اللہ اس سے کلام کرے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَيِّئَةٌ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يَهَبُ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔
قَدَّمَتْ	: قدم، مقدمہ الجیش، تقدیم، اقدام۔	اِنَاثًا	: مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔
اَيْدِيْهِمْ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	الذُّكُوْرَ	: مذکر، مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
كَفُوْرٌ	: کفران نعمت۔	يُزَوِّجُهُمْ	: حقوق الزوجین، زوجہ، ازواج مطہرات۔
مُلْكُ	: مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔	عَلِيْمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الْاَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر۔
يَخْلُقُ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	لِبَشَرٍ	: الحمدللہ، لہٰذا/ بشر، بشریت، بشری تقاضا۔
يَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	يُكَلِّمَهُ	: کلمہ، کلام، متکلم، انداز تکلم۔

وَ	اِنْ ①	تُصِبْهُمْ ②③	سَيِّئَةٌ ②④	بِمَا ⑤	قَدَّمَتْ ②	اَيْدِيْهِمْ
اور	اگر	انہیں پہنچتی ہے	کوئی تکلیف	(اس) وجہ سے جو	آگے بھیجا	انکے ہاتھوں نے

فَاِنَّ	الْاِنْسَانَ	كَفُوْرٌ ﴿48﴾	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ ②
پس بیشک	انسان	بہت ناشکرا (ہے)	اللہ (ہی) کے لیے (ہے)	بادشاہی	آسمانوں (کی)

وَ	الْاَرْضِ ؕ	يَخْلُقُ	مَا ⑤	يَشَآءُ ؕ	يَهَبُ	لِمَنْ ⑥
اور	زمین (کی)	وہ پیدا کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	وہ عطا کرتا ہے	جس کو

يَّشَآءُ	اِنَاثًا	وَّ	يَهَبُ	لِمَنْ ⑥	يَّشَآءُ	الذُّكُوْرَ ۙ﴿49﴾
وہ چاہتا ہے	بیٹیاں	اور	وہ عطا کرتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	بیٹے

اَوْ	يُزَوِّجُهُمْ ③	ذُكْرَانًا	وَّ	اِنَاثًا ۚ	وَ	يَجْعَلُ
یا	وہ ملا کر دیتا ہے انہیں	بیٹے	اور	بیٹیاں	اور	وہ کر دیتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	عَقِيْمًا ؕ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ ⑦	قَدِيْرٌ ⑦ ﴿50﴾
جسے	وہ چاہتا ہے	بانجھ	بیشک وہ	خوب علم والا (ہے)	بہت قدرت والا (ہے)

وَ	مَا ⑤	كَانَ	لِبَشَرٍ ④	اَنْ ①	يُّكَلِّمَهُ	اللّٰهُ
اور	نہیں	ہے (ممکن)	کسی بشر کے لیے	کہ	وہ کلام کرے اس سے	اللہ

ضروری وضاحت

①اِنْ کا ترجمہ اگر اور اَنْ کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔②تْ ، ـَتْ ، ۃ اور ات اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔③فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انہیں ہوتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ مَا کے کئی معانی ہیں کبھی اس کا ترجمہ جو، جس کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ لِ کا اصل ترجمہ لیے ہوتا ہے کبھی ضرورتاً کو یا کا کر دیا جاتا ہے۔⑦ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب یا بہت کیا گیا ہے۔

اِلَّا وَحۡيًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآئِ حِجَابٍ	مگر وحی (الہام) کے ذریعے یا پردے کے پیچھے سے
اَوۡ يُرۡسِلَ رَسُوۡلًا	یا (یہ کہ) وہ کوئی رسول (فرشتہ) بھیجے
فَيُوۡحِىَ بِاِذۡنِهٖ	تو وہ وحی پہنچاتا ہے اس کے حکم سے
مَا يَشَآءُ ؕ	جو وہ (اللہ) چاہتا ہے
اِنَّهٗ عَلِىٌّ حَكِيۡمٌ ﴿51﴾	بلاشبہ وہ بہت بلند بہت حکمت والا ہے۔ ﴿51﴾
وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ	اور اسی طرح ہم نے وحی کی آپ کی طرف
رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ	ایک روح (یعنی قرآن) کی اپنے حکم سے
مَا كُنۡتَ تَدۡرِىۡ مَا الۡكِتٰبُ	آپ نہیں جانتے تھے (کہ) کتاب کیا ہے
وَلَا الۡاِيۡمَانُ وَلٰـكِنۡ جَعَلۡنٰهُ	اور نہ ایمان کو اور لیکن ہم نے بنادیا اسے
نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ بِهٖ	ایک روشنی ہم ہدایت کرتے ہیں اسکے ذریعے سے
مَنۡ نَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِنَا ؕ	اپنے بندوں میں سے جسے ہم چاہتے ہیں
وَاِنَّكَ لَتَهۡدِىۡۤ	اور بے شک آپ یقیناً رہنمائی کرتے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَحۡيًا	: وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔	حَكِيۡمٌ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
وَّرَآئِ	: ماورائے عدالت، ماورائے آئین۔	كَذٰلِكَ	: کالعدم، کما حقہ۔
حِجَابٍ	: حجاب۔	اَمۡرِنَا	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
يُرۡسِلَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	تَدۡرِىۡ	: روایت ودرایت۔
بِاِذۡنِهٖ	: اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	الۡاِيۡمَانُ	: امن، ایمان، مومن۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	نُوۡرًا	: بدرِ منیر، نور، منور، انوار۔
يَشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔	نَّهۡدِىۡ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
عَلِىٌّ	: اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔	عِبَادِنَا	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔

اِلَّا	وَحۡيًا	اَوۡ	مِنۡ وَّرَآئِ حِجَابٍ	اَوۡ
مگر	وحی (کے ذریعے)	یا	پردے کے پیچھے سے	یا

یُرۡسِلَ	رَسُوۡلًا ①	فَیُوۡحِیَ ②	بِاِذۡنِهٖ ③
(یہ کہ) وہ بھیجے	کوئی رسول	تو وہ وحی پہنچاتا ہے	اس کے حکم سے

مَا ④	یَشَآءُ ؕ	اِنَّهٗ	عَلِیٌّ ⑤	حَکِیۡمٌ ⑤ (51)
جو	وہ (اللہ) چاہتا ہے	بلاشبہ وہ	بہت بلند	بہت حکمت والا (ہے)

وَ	کَذٰلِکَ	اَوۡحَیۡنَاۤ	اِلَیۡکَ	رُوۡحًا ①	مِّنۡ اَمۡرِنَا ⑥ ؕ
اور	اسی طرح	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف	ایک روح (یعنی قرآن کی)	اپنے حکم سے

مَا ④	کُنۡتَ تَدۡرِیۡ ⑦	مَا ④	الۡکِتٰبُ	وَ	لَا	الۡاِیۡمَانُ
نہیں	تھے آپ جانتے	(کہ) کیا (ہے)	کتاب	اور	نہ	ایمان (کو)

وَ	لٰکِنۡ	جَعَلۡنٰهُ	نُوۡرًا ①	نَّهۡدِیۡ	بِهٖ ③
اور	لیکن	ہم نے بنادیا اُسے	ایک روشنی	ہم ہدایت کرتے ہیں	اسکے ذریعے سے

مَنۡ	نَّشَآءُ	مِنۡ عِبَادِنَا ⑥ ؕ	وَ	اِنَّکَ	لَتَهۡدِیۡۤ
جسے	ہم چاہتے ہیں	اپنے بندوں میں سے	اور	بیشک آپ	یقیناً آپ رہنمائی کرتے ہیں

ضروری وضاحت

①ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔② فَ کا ترجمہ کبھی تو کبھی پس کبھی پھر کبھی سو کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بوجہ یا بذریعہ کیا جاتا ہے۔④ مَا کے کئی معانی ہیں کبھی اس کا ترجمہ جو، جس کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ عَلِیٌّ اور حَکِیۡمٌ دونوں مبالغے کے اوزان ہیں اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔⑥اسم کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔⑦فعل کے آخر میں تَ اور دوسرے فعل کے شروع میں تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ آپ کیا گیا ہے۔

اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ۙ﴿۵۲﴾	سیدھے راستے کی طرف۔﴿۵۲﴾
صِرَاطِ اللّٰہِ	(اس) اللہ کے راستے (کی طرف)
الَّذِیۡ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	(وہ) جو اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ	اور جو کچھ زمین میں ہے
اَلَاۤ اِلَی اللّٰہِ تَصِیۡرُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵۳﴾ ع	سنو! اللہ کی طرف سب معاملات لوٹتے ہیں۔﴿۵۳﴾

ع 5/10/6

اٰیَاتُہَا 89	43 سُوۡرَۃُ الزُّخۡرُفِ مَکِّیَّۃٌ 63	رُکُوۡعَاتُہَا 07

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رکوع 11

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ﴿۲﴾	حٰمٓ﴿۱﴾ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی قسم۔﴿۲﴾
اِنَّا جَعَلۡنٰہُ قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا	بے شک ہم نے بنایا ہے اسے عربی قرآن
لَّعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۚ﴿۳﴾ وَ اِنَّہٗ	تاکہ تم سمجھو۔﴿۳﴾ اور بے شک وہ
فِیۡۤ اُمِّ الۡکِتٰبِ لَدَیۡنَا	ہمارے پاس اصل کتاب (لوح محفوظ) میں ہے
لَعَلِیٌّ حَکِیۡمٌ ؕ﴿۴﴾	یقیناً بہت بلند (درجے والا) نہایت حکمت والا ہے۔﴿۴﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰی	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	وَ	: شام وسحر، شان وشوکت، عفت وعصمت۔
صِرَاطِ	: صراط مستقیم، پل صراط۔	الۡکِتٰبِ	: کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
فِی	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	الۡمُبِیۡنِ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
السَّمٰوٰتِ	: ارض وسما، کتب ساویہ، ساوی آفات۔	عَرَبِیًّا	: عرب وعجم، عربی وعجمی، جزیرۃ العرب۔
الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	تَعۡقِلُوۡنَ	: عقل، عاقل، معقول۔
الۡاُمُوۡرُ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔	اُمِّ	: اُمُّ القریٰ، اُمُّ الکتاب، اُمِّ موسیٰ۔
بِسۡمِ	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	لَعَلِیٌّ	: اعلیٰ وارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔
الرَّحۡمٰنِ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	حَکِیۡمٌ	: حکیم الامت، حکمت ودانائی، علیم وحکیم۔

اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿52﴾	صِرَاطِ اللّٰہِ	الَّذِیۡ ①	لَہٗ
سیدھے راستے کی طرف	اللہ کے راستے (کی طرف)	جو (کہ)	اسی کا (ہے)

مَا	فِی السَّمٰوٰتِ ②	وَ	مَا	فِی الۡاَرۡضِ ؕ
جو (کچھ)	آسمانوں میں (ہے)	اور	جو (کچھ)	زمین میں (ہے)

ع 5/10/6

اَلَآ ③	اِلَی اللّٰہِ	تَصِیۡرُ ②	الۡاُمُوۡرُ ④ ﴿53﴾ ع
سنو!	اللہ (ہی) کی طرف	لوٹتے ہیں	سب معاملات

اٰیَاتُھَا 89 — 43 سُوۡرَۃُ الزُّخۡرُفِ مَکِّیَّۃٌ 63 — رُکُوۡعَاتُھَا 07

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

11 حٰمٓ

حٰمٓ ﴿1﴾	وَالۡکِتٰبِ ⑤	الۡمُبِیۡنِ ﴿2﴾	اِنَّا ⑥	جَعَلۡنٰہُ
حٰمٓ	کتاب کی قسم ہے	کھول کر بیان کرنے والی	بیشک ہم	ہم نے بنایا ہے اسے

قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا	لَّعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ⑦ ﴿3﴾	وَ	اِنَّہٗ
عربی قرآن	تاکہ تم سب سمجھو	اور	بے شک وہ

فِیۡۤ اُمِّ الۡکِتٰبِ	لَدَیۡنَا	لَعَلِیٌّ ⑧	حَکِیۡمٌ ﴿4﴾
اصل کتاب (لوح محفوظ) میں (ہے)	ہمارے پاس	یقیناً بہت بلند (درجے والا)	نہایت حکمت والا (ہے)

ضروری وضاحت

① الَّذِیۡ واحد مذکر کی علامت ہے۔② اسم کے آخر میں ات اور فعل کے شروع میں تہ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اَلَآ حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ وَ کا ترجمہ کبھی قسم ہے کبھی اور کبھی اس حال میں کہ کیا جاتا ہے۔⑥ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑦ کُمۡ اور تہ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑧ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔

اَفَنَضۡرِبُ عَنۡکُمُ الذِّکۡرَ	تو (بھلا) کیا ہم روک لیں تم سے (اس) ذکر کو
صَفۡحًا	اعراض کرتے ہوئے (اس وجہ سے)
اَنۡ کُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّسۡرِفِیۡنَ ﴿5﴾	کہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ ﴿5﴾
وَکَمۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ نَّبِیٍّ	اور کتنے ہی ہم نے نبی بھیجے
فِی الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿6﴾	پہلے لوگوں میں۔ ﴿6﴾
وَمَا یَاۡتِیۡہِمۡ مِّنۡ نَّبِیٍّ	اور نہیں آتا تھا ان کے پاس کوئی نبی
اِلَّا کَانُوۡا بِہٖ یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ ﴿7﴾	مگر وہ اس کا مذاق اُڑاتے تھے۔ ﴿7﴾
فَاَہۡلَکۡنَاۤ	تو ہم نے ہلاک کر دیا (اُنہیں جو)
اَشَدَّ مِنۡہُمۡ بَطۡشًا	اُن سے زیادہ سخت تھے پکڑنے میں
وَّمَضٰی مَثَلُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿8﴾	اور پہلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے۔ ﴿8﴾
وَلَئِنۡ سَاَلۡتَہُمۡ	اور یقیناً اگر آپ ان سے پوچھیں
مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ	(کہ) کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الذِّکۡرَ : ذکر، اذکار۔	فَاَہۡلَکۡنَاۤ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
قَوۡمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	اَشَدَّ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
مُّسۡرِفِیۡنَ : اسراف وتبذیر۔	مَضٰی : ماضی، یادِ ماضی، روشن ماضی۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	مَثَلُ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اَرۡسَلۡنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	سَاَلۡتَہُمۡ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
الۡاَوَّلِیۡنَ : اوّل، اوّلین فرصت۔	خَلَقَ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔	السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ : استہزاء کرنا۔	الۡاَرۡضَ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

اَ ①	فَنَضۡرِبُ ②	عَنۡكُمُ	الذِّكۡرَ	صَفۡحًا
کیا	تو (بھلا) ہم روک لیں	تم سے	(اس) ذکر (کو)	اعراض کرتے ہوئے (اس وجہ سے)

اَنۡ	كُنۡتُمۡ	قَوۡمًا ③	مُّسۡرِفِيۡنَ ④ ﴿5﴾	وَ	كَمۡ
کہ	ہو تم	لوگ	سب حد سے بڑھنے والے	اور	کتنے ہی

اَرۡسَلۡنَا ⑤	مِنۡ نَّبِىٍّ ⑥	فِى الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿6﴾	وَ	مَا
ہم نے بھیجے	نبی	پہلے لوگوں میں	اور	نہیں

يَاۡتِيۡهِمۡ ⑦	مِّنۡ نَّبِىٍّ ⑥⑧	اِلَّا	كَانُوۡا	بِهٖ
آتا تھا ان کے پاس	کوئی نبی	مگر	سب تھے	اس کا

يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿7﴾	فَاَهۡلَكۡنَاۤ ②⑤	اَشَدَّ ⑨	مِنۡهُمۡ	بَطۡشًا
وہ سب مذاق اڑاتے	تو ہلاک کر دیا ہم نے	زیادہ سخت	اُن سے	پکڑنے (میں)

وَّ	مَضٰى	مَثَلُ	الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿8﴾	وَ	لَئِنۡ
اور	گزر چکی	مثال	پہلے لوگوں (کی)	اور	یقیناً اگر

سَاَلۡتَهُمۡ	مَّنۡ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضَ
آپ پوچھیں ان سے	(کہ) کس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین (کو)

ضروری وضاحت

① أ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔② فَ کا ترجمہ کبھی تو کبھی پس کبھی پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔③ قَوۡمًا لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑨ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

لَيَقُوۡلُنَّ خَلَقَهُنَّ	(تو) بلاشبہ یقیناً کہیں گے (کہ) پیدا کیا انہیں
الۡعَزِيۡزُ الۡعَلِيۡمُ ۙ﴿9﴾	بہت غالب خوب جاننے والے نے۔﴿9﴾
الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا	(وہ) جس نے بنایا تمہارے لیے زمین کو بچھونا
وَّجَعَلَ لَـكُمۡ فِيۡهَا سُبُلًا	اور تمہارے لیے اس میں راستے بنائے
لَّعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ۚ﴿10﴾	تاکہ تم راہ پاؤ۔﴿10﴾
وَالَّذِىۡ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ	اور وہ جس نے آسمان سے پانی اتارا
بِقَدَرٍ ۚ	ایک اندازے سے
فَاَنۡشَرۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ۚ	پھر ہم نے زندہ کر دیا اس سے ایک مردہ شہر کو
كَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ ﴿11﴾	اسی طرح تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے۔﴿11﴾
وَالَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ كُلَّهَا	اور (وہ) جس نے (ہر چیز کے) جوڑے پیدا کیے ان تمام کو
وَجَعَلَ لَـكُمۡ مِّنَ الۡفُلۡكِ وَالۡاَنۡعَامِ	اور تمہارے لیے (وہ) کشتیاں اور چوپائے بنائے
مَا تَرۡكَبُوۡنَ ۙ﴿12﴾	جن پر تم سوار ہوتے ہو۔﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوۡلُنَّ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بِقَدَرٍ	قدیر، تقدیر، مقدر۔
خَلَقَهُنَّ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	فَاَنۡشَرۡنَا	ناشر، منشور، نشر و اشاعت، نشریات۔
الۡعَلِيۡمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	بَلۡدَةً	بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔
مَهۡدًا	مہد سے لحد تک۔	مَّيۡتًا	موت و حیات، سماع موتٰی، میت۔
سُبُلًا	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	كَذٰلِكَ	کالعدم، کماحقہ۔
تَهۡتَدُوۡنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	تُخۡرَجُوۡنَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
نَزَّلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	الۡاَزۡوَاجَ	حقوق الزوجین، زوجہ، ازواج۔
مَآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔	الۡاَنۡعَامِ	عوام کالانعام۔

لَيَقُوۡلُنَّ ①	خَلَقَهُنَّ ②	الۡعَزِيۡزُ	الۡعَلِيۡمُ ﴿9﴾ لا
(تو) بلاشبہ یقیناً وہ کہیں گے	(کہ) پیدا کیا انہیں	بہت غالب	خوب جاننے والے (نے)

الَّذِىۡ	جَعَلَ	لَـكُمُ ③	الۡاَرۡضَ	مَهۡدًا
(وہ) جس نے	بنایا	تمہارے لیے	زمین (کو)	بچھونا

وَّ	جَعَلَ	لَـكُمۡ ③	فِيۡهَا	سُبُلًا	لَّعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ④ ﴿10﴾ ج
اور	بنائے	تمہارے لیے	اس میں	راستے	تاکہ تم سب راہ پاؤ

وَ	الَّذِىۡ	نَزَّلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءًۢ
اور	(وہ) جس نے	اُتارا	آسمان سے	پانی

بِقَدَرٍ ۚ ⑤	فَاَنۡشَرۡنَا	بِهٖ	بَلۡدَةً مَّيۡتًا ۚ ⑤	كَذٰلِكَ
ایک اندازے سے	پھر ہم نے زندہ کر دیا	اس سے	ایک مردہ شہر (کو)	اسی طرح

تُخۡرَجُوۡنَ ⑥ ﴿11﴾	وَالَّذِىۡ	خَلَقَ	الۡاَزۡوَاجَ ⑦	كُلَّهَا
تم سب (زمین سے) نکالے جاؤ گے	اور (وہ) جس نے	پیدا کیے	(ہر چیز کے) جوڑے	ان تمام (کو)

وَجَعَلَ	لَـكُمۡ ③	مِّنَ الۡفُلۡكِ ⑧	وَالۡاَنۡعَامِ	مَا تَرۡكَبُوۡنَ ﴿12﴾ لا
اور بنائیں	تمہارے لیے	(وہ) کشتیاں	اور چوپائے	جن پر تم سب سوار ہوتے ہو

ضروری وضاحت

① شروع میں لَ اور آخر میں نَّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ③ لَكُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ استعمال ہوا ہے۔ ④ كُمۡ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑧ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لِتَسۡتَوٗا عَلٰی ظُهُوۡرِهٖ	تاکہ تم جم کر بیٹھو ان کی پیٹھوں پر
ثُمَّ تَذۡکُرُوۡا نِعۡمَةَ رَبِّکُمۡ	پھر تم یاد کرو اپنے رب کے احسان کو
اِذَا اسۡتَوَیۡتُمۡ عَلَیۡهِ	جب تم جم کر بیٹھ جاؤ اس پر
وَتَقُوۡلُوۡا سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ	اور تم کہو پاک ہے (وہ ذات) جس نے
سَخَّرَ لَنَا هٰذَا	اسے ہمارے لیے تابع کر دیا
وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِیۡنَ ﴿13﴾	اور ہم نہیں تھے قابو میں لانے والے اس کو۔ ﴿13﴾
وَ اِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا	اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف
لَمُنۡقَلِبُوۡنَ ﴿14﴾	واقعی لوٹنے والے ہیں۔ ﴿14﴾
وَجَعَلُوۡا	اور انہوں نے بنا ڈالا
لَهٗ مِنۡ عِبَادِهٖ جُزۡءًا ؕ	اس کا ایک جز اس کے بندوں میں سے (بعض کو)
اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَکَفُوۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿15﴾ ع	یقیناً انسان واقعی صریح ناشکرا ہے۔ ﴿15﴾
اَمِ اتَّخَذَ	کیا اس نے خود رکھ لیں

ع 15 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰی	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
تَذۡکُرُوۡا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
نِعۡمَةَ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	عِبَادِهٖ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
تَقُوۡلُوۡا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	جُزۡءًا	جز، اجزا، جزئیات، جزوی طور پر۔
سُبۡحٰنَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔	الۡاِنۡسَانَ	جنّ وانس، انسان، انسانیت۔
سَخَّرَ	مسخّر، تسخیر۔	لَکَفُوۡرٌ	کفران نعمت۔
اِلٰی	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	مُّبِیۡنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَمُنۡقَلِبُوۡنَ	انقلاب، انقلابی اقدام۔	اتَّخَذَ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔

لِتَسۡتَوٗا ①	عَلٰی ظُهُوۡرِهٖ	ثُمَّ	تَذۡكُرُوۡا	نِعۡمَةَ رَبِّكُمۡ
تا کہ تم سب جم کر بیٹھو	ان کی پیٹھوں پر	پھر	تم سب یاد کرو	اپنے رب کے احسان کو

اِذَا ②	اسۡتَوَیۡتُمۡ	عَلَیۡهِ	وَ	تَقُوۡلُوۡا
جب	تم جم کر بیٹھ جاؤ	اس پر	اور	تم سب کہو

سُبۡحٰنَ	الَّذِیۡ	سَخَّرَ ③	لَنَا	هٰذَا
پاک ہے (وہ ذات)	جس نے	تابع کر دیا	ہمارے لیے	اسے

وَ	مَا	كُنَّا	لَهٗ	مُقۡرِنِیۡنَ ④ لا (13)	وَ	اِنَّاۤ ⑤
جبکہ	نہیں	تھے ہم	اس کو	سب قابو میں لانے والے	اور	بے شک ہم

اِلٰی رَبِّنَا	لَمُنۡقَلِبُوۡنَ ④ ⑥ (14)	وَ	جَعَلُوۡا
اپنے رب کی طرف	واقعی سب لوٹنے والے (ہیں)	اور	انہوں نے بنا ڈالا

لَهٗ	مِنۡ عِبَادِهٖ	جُزۡءًا ط ⑦	اِنَّ
اس کے لیے	اُس کے بندوں میں سے (بعض کو)	ایک جز	یقیناً

ع 15

الۡاِنۡسَانَ	لَكَفُوۡرٌ ⑥	مُّبِیۡنٌ ع (15)	اَمِ ⑧	اتَّخَذَ
انسان	واقعی بہت ناشکرا (ہے)	واضح	کیا	اس نے خود رکھ لیں

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ② اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ③ فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑥ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑧ اَمۡ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔

مِمَّا یَخۡلُقُ بَنٰتٍ	بیٹیاں اس میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے
وَّ اَصۡفٰىكُمۡ بِالۡبَنِیۡنَ ﴿16﴾	اور تمہیں چن کر نوازا بیٹوں سے۔ ﴿16﴾
وَ اِذَا بُشِّرَ	حالانکہ جب خوشخبری دی جائے
اَحَدُهُمۡ بِمَا	ان میں کسی ایک کو اس چیز کی جس کی
ضَرَبَ لِلرَّحۡمٰنِ مَثَلًا	اس نے رحمان کے لیے مثال بیان کی
ظَلَّ وَجۡهُهٗ مُسۡوَدًّا	(تو) ہو جاتا ہے اس کا چہرہ سیاہ
وَّهُوَ كَظِیۡمٌ ﴿17﴾	اور وہ غم سے بھرا ہوتا ہے۔ ﴿17﴾
اَوَمَنۡ یُّنَشَّؤُا فِی الۡحِلۡیَةِ	اور بھلا کیا جسے زیور میں پالا جاتا ہے
وَ هُوَ فِی الۡخِصَامِ	اور وہ جھگڑے میں
غَیۡرُ مُبِیۡنٍ ﴿18﴾	(اپنی) بات بھی واضح نہ کر سکے (وہ اللہ کی اولاد ہیں؟)۔ ﴿18﴾
وَجَعَلُوا الۡمَلٰٓئِكَةَ	اور انہوں نے قرار دیا (ان) فرشتوں کو
الَّذِیۡنَ هُمۡ عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ اِنَاثًا ؕ	عورتیں وہ جو رحمان کے بندے ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَخۡلُقُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	مُسۡوَدًّا : حجر اسود، مسودہ۔
بَنٰتٍ : بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔	یُّنَشَّؤُا : نشوونما۔
اَصۡفٰىكُمۡ : مصطفیٰ، نظامِ مصطفوی۔	الۡخِصَامِ : مخاصمت۔
بِالۡبَنِیۡنَ : بالکل، بالمشافہ/ ابن آدم، ابن قاسم۔	غَیۡرُ : دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔
بُشِّرَ : بشارت، بشیر و نذیر، عشرہ مبشرہ۔	مُبِیۡنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
ضَرَبَ : ضرب المثل، ضرب الامثال۔	الۡمَلٰٓئِكَةَ : ملک الموت، ملائکہ۔
لِلرَّحۡمٰنِ : لہٰذا/ رحمن، رحیم، رحمت۔	عِبٰدُ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
وَجۡهُهٗ : وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔	اِنَاثًا : مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔

مِمَّا ①	یَخۡلُقُ	بَنٰتٍ	وَّ	اَصۡفٰىكُمۡ ②
(اس) میں سے جو	وہ پیدا کرتا ہے	بیٹیاں	اور	تمہیں چن کر نوازا

بِالۡبَنِیۡنَ ﴿16﴾	وَ	اِذَا	بُشِّرَ ③	اَحَدُهُمۡ
بیٹوں سے	حالانکہ	جب	خوشخبری دی جائے	ان میں کسی ایک کو

بِمَا	ضَرَبَ	لِلرَّحۡمٰنِ	مَثَلًا	ظَلَّ
(اس چیز) کی جس کی	بیان کی اس نے	رحمان کے لیے	مثال	(تو) ہو جاتا ہے

وَجۡهُهٗ ④	مُسۡوَدًّا	وَّ	هُوَ	كَظِیۡمٌ ﴿17﴾
اس کا چہرہ	سیاہ	اور	وہ	بہت غم سے بھرا ہوا (ہوتا ہے)

اَوَ	مَنۡ	یُّنَشَّؤُا ⑤	فِی الۡحِلۡیَةِ	وَ	هُوَ
اور (بھلا) کیا	جسے	پالا جاتا ہے	زیور میں	اور	وہ

فِی الۡخِصَامِ	غَیۡرُ مُبِیۡنٍ ﴿18﴾	وَ	جَعَلُوا
جھگڑے میں	(اپنی بات بھی) واضح نہ کر سکے (وہ اللہ کی اولاد ہیں؟)	اور	انہوں نے قرار دیا

الۡمَلٰٓئِكَةَ	الَّذِیۡنَ	هُمۡ	عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ	اِنَاثًا ؕ
(ان) فرشتوں (کو)	جو (کہ)	وہ سب	رحمان کے بندے (ہیں)	عورتیں

ضروری وضاحت

① مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ② فعل کے آخر میں كُمۡ کا ترجمہ تمہیں ہوتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ هٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑤ یُّنَشَّؤُا شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور یہ فعل مذکر ہے حالانکہ یہ بات مؤنث کی ہو رہی ہے دراصل مَنۡ چونکہ مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اس مناسبت سے یہاں فعل مذکر لایا گیا ہے۔

اَشَهِدُوۡا خَلۡقَهُمۡ ؕ	کیا وہ موجود تھے ان کی پیدائش کے وقت
سَتُكۡتَبُ شَهَادَتُهُمۡ	عنقریب ضرور لکھی جائے گی ان کی گواہی
وَيُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿19﴾	اور وہ پوچھے جائیں گے۔ ﴿19﴾
وَقَالُوۡا لَوۡ شَآءَ الرَّحۡمٰنُ	اور انہوں نے کہا اگر رحمان چاہتا
مَا عَبَدۡنٰهُمۡ ؕ	(تو) ہم ان کی عبادت نہ کرتے
مَا لَهُمۡ بِذٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ ۚ	ان کو اس کا کچھ علم نہیں
اِنۡ هُمۡ اِلَّا يَخۡرُصُوۡنَ ﴿20﴾ؕ	نہیں ہیں وہ مگر اٹکل دوڑاتے۔ ﴿20﴾ؕ
اَمۡ اٰتَيۡنٰهُمۡ كِتٰبًا مِّنۡ قَبۡلِهٖ	یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی تھی اس سے پہلے
فَهُمۡ بِهٖ مُسۡتَمۡسِكُوۡنَ ﴿21﴾	پس وہ اس کو تھامنے والے ہیں۔ ﴿21﴾
بَلۡ قَالُوۡۤا اِنَّا وَجَدۡنَاۤ	بلکہ انہوں نے کہا بے شک ہم نے تو پایا
اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ	اپنے آباؤ اجداد کو ایک طریقے پر
وَّاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ	اور بیشک ہم ان کے نقش قدم پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَشَهِدُوۡا : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
خَلۡقَهُمۡ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
سَتُكۡتَبُ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
يُسۡـَٔلُوۡنَ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
قَالُوۡا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
الرَّحۡمٰنُ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔

عَبَدۡنٰهُمۡ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
عِلۡمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
قَبۡلِهٖ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
مُسۡتَمۡسِكُوۡنَ : تمسک بالکتاب والسنہ، امساک۔
وَجَدۡنَاۤ : وجود، موجود، ایجاد۔
اٰبَآءَنَا : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
اٰثٰرِهِمۡ : اثر، آثارقدیمہ۔

اَ	شَهِدُوْا	خَلْقَهُمْ ؕ	سَتُكْتَبُ ①②③
کیا	وہ سب موجود تھے	ان کی پیدائش (کے وقت)	عنقریب ضرور لکھی جائے گی

شَهَادَتُهُمْ	وَ	يُسْـَٔلُوْنَ ③ (19)	وَ	قَالُوْا	لَوْ
ان کی گواہی	اور	وہ سب پوچھے جائیں گے	اور	انہوں نے کہا	اگر

شَآءَ	الرَّحْمٰنُ	مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ	مَا	لَهُمْ	بِذٰلِكَ
چاہتا	رحمان	(تو) ہم ان کی عبادت نہ کرتے	نہیں	ان کو	اس کا

مِنْ عِلْمٍ ۚ ④⑤	اِنْ ⑥	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ ؕ (20)
کچھ علم	نہیں (ہیں)	وہ	مگر	وہ سب اٹکل دوڑاتے

اَمْ ⑦	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا ⑤	مِّنْ قَبْلِهٖ	فَهُمْ
یا	ہم نے دی تھی انہیں	کوئی کتاب	اس سے پہلے	پس وہ

بِهٖ	مُسْتَمْسِكُوْنَ ⑧ (21)	بَلْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	وَجَدْنَآ
اس کو	سب تھامنے والے (ہیں)	بلکہ	انہوں نے کہا	بے شک ہم نے	ہم نے پایا

اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ ⑤	وَّ	اِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
اپنے آباء واجداد (کو)	ایک طریقے پر	اور	بے شک ہم	ان کے نقش قدم پر

ضروری وضاحت

① تُ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے شروع میں سَ کا ترجمہ عنقریب ضرور کیا جاتا ہے۔
③ فعل کے شروع میں تُ یا یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں مِنْ کے ترجمے
کی ضرورت نہیں۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا
ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑦ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ⑧ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿22﴾	راہ پانے والے ہیں۔﴿22﴾
وَكَذٰلِكَ مَاۤ اَرۡسَلۡنَا	اور اسی طرح ہم نے نہیں بھیجا
مِنۡ قَبۡلِكَ فِىۡ قَرۡيَةٍ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ	آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا
اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ	مگر اس (بستی) کے خوشحال لوگوں نے کہا
اِنَّا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ	بیشک ہم نے پایا اپنے آباؤ اجداد کو ایک طریقے پر
وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمۡ	اور بے شک ہم ان کے قدموں کے نشانات کے
مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿23﴾	پیچھے چلنے والے ہیں۔﴿23﴾
قٰلَ اَوَلَوۡ	اس نے کہا اور کیا (بھلا) اگر
جِئۡتُكُمۡ	میں لے آؤں تمہارے پاس
بِاَهۡدٰى	زیادہ ہدایت والے طریقے کو
مِمَّا وَجَدْتُّمۡ عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ ؕ	(اس) سے جس پر تم نے پایا اپنے آباؤ اجداد کو
قَالُوۡۤا اِنَّا	انہوں نے کہا بے شک ہم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّهۡتَدُوۡنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	نَّذِيۡرٍ : بشارت وانذار، نذیر۔
وَ : مال ودولت، عفوو درگزر، شان وشوکت۔	اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَرۡسَلۡنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	وَجَدۡنَا : وجود، موجود، ایجاد۔
مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اٰبَآءَنَا : آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اٰثٰرِهِمۡ : اثر، آثار قدیمہ۔
قَرۡيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ (مکہ کا نام)۔	مُّقۡتَدُوۡنَ : اقتدا، مقتدی۔

مُّهۡتَدُوۡنَ ① (22)	وَ	كَذٰلِكَ	مَآ	اَرۡسَلۡنَا ②
سب راہ پانے والے (ہیں)	اور	اسی طرح	نہیں	ہم نے بھیجا

مِنۡ قَبۡلِكَ	فِیۡ قَرۡیَةٍ ③	مِّنۡ نَّذِیۡرٍ ③	اِلَّا
آپ سے پہلے	کسی بستی میں	کوئی ڈرانے والا	مگر

قَالَ	مُتۡرَفُوۡهَآ ④ لا	اِنَّا	وَجَدۡنَآ ②	اٰبَآءَنَا
کہا	اس (بستی) کے خوشحال لوگوں نے	بے شک ہم نے	ہم نے پایا	اپنے آباءواجداد (کو)

عَلٰٓى اُمَّةٍ ③	وَّ	اِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمۡ
ایک طریقے پر	اور	بے شک ہم	ان کے قدموں کے نشانات کے

مُّقۡتَدُوۡنَ ① (23)	قٰلَ	اَوَ ⑤	لَوۡ ⑥
سب پیچھے چلنے والے ہیں	اس نے کہا	اور (بھلا) کیا	اگر

جِئۡتُكُمۡ	بِاَهۡدٰى ⑦	مِمَّا	وَجَدۡتُّمۡ
میں لے آؤں تمہارے پاس	زیادہ ہدایت والے (طریقے) کو	(اس) سے جو	(کہ) تم نے پایا

عَلَيۡهِ	اٰبَآءَكُمۡ ط	قَالُوۡٓا	اِنَّا
اس پر	اپنے آباءواجداد (کو)	انہوں نے کہا	بے شک ہم

ضروری وضاحت

① مُهۡتَدُوۡنَ اصل میں مُهۡتَدِيُوۡنَ اور مُقۡتَدُوۡنَ اصل میں مُقۡتَدِوُوۡنَ تھا، اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مُتۡرَفُوۡهَا اصل میں مُتۡرَفُوۡنَهَا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق نَ گرایا گیا ہے۔ ⑤ أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿24﴾	جسکے ساتھ تم بھیجے گئے ہو انکار کرنیوالے ہیں۔ ﴿24﴾
فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ	تو ہم نے انتقام لیا ان سے
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ	پھر آپ دیکھیے کیسا ہوا
عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿25﴾	جھٹلانے والوں کا انجام۔ ﴿25﴾
وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ	اور جب کہا ابراہیم نے اپنے والد اور اپنی قوم سے
اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا	بے شک میں بری ہوں ان (بتوں) سے جن کی
تَعْبُدُوْنَ ﴿26﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ	تم عبادت کرتے ہو۔ ﴿26﴾ مگر وہ جس نے مجھے پیدا کیا
فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿27﴾	پس بیشک وہ عنقریب ضرور مجھے راستہ دکھائے گا۔ ﴿27﴾
وَجَعَلَهَا	اور اس (ابراہیم) نے بنا دیا اس (کلمہ توحید) کو
كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ	باقی رہنے والی بات اپنے پچھلوں (یعنی اولاد) میں
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿28﴾	تا کہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریں۔ ﴿28﴾
بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ	بلکہ میں نے فائدہ پہنچایا انہیں

النصف ع 10 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُرْسِلْتُمْ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
فَانْتَقَمْنَا : انتقام، انتقامی کاروائی۔
فَانْظُرْ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
عَاقِبَةُ : عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔
الْمُكَذِّبِيْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
بَرَآءٌ : بری الذمہ، براءت۔
تَعْبُدُوْنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
فَطَرَنِيْ : فطرت، فطری طور پر۔
سَيَهْدِيْنِ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
بَاقِيَةً : باقی، بقایا، بقیہ۔
عَقِبِهٖ : عقب، عقبی دروازہ، تعاقب۔
يَرْجِعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
مَتَّعْتُ : متاع کارواں، مال ومتاع۔

ع 2 10 8 النصف

بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ (1)	بِهٖ	كٰفِرُوْنَ (2) (24)	فَانْتَقَمْنَا
(اس) کا جو	تم بھیجے گئے ہو	اُس کے ساتھ	سب انکار کرنے والے (ہیں)	تو ہم نے انتقام لیا

مِنْهُمْ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ (3) (25) ع
اُن سے	پھر آپ دیکھیے	کیسا	ہوا	انجام	سب جھٹلانے والوں (کا)

وَ	اِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ (4)	لِاَبِيْهِ (5)	وَ	قَوْمِهٖٓ
اور	جب	کہا	ابراہیم (نے)	اپنے والد سے	اور	اپنی قوم (سے)

اِنَّنِيْ	بَرَآءٌ	مِّمَّا (6)	تَعْبُدُوْنَ (26) لا
بے شک میں	بری (ہوں)	(اُن بتوں) سے جن کی	تم سب عبادت کرتے ہو

اِلَّا	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	فَاِنَّهٗ	سَيَهْدِيْنِ (7) (27)
مگر	(وہ) جس نے	مجھے پیدا کیا	پس بے شک وہ	عنقریب ضرور وہ راستہ دکھائے گا مجھے

وَ	جَعَلَهَا	كَلِمَةً م	بَاقِيَةً	فِيْ عَقِبِهٖ
اور	اس (ابراہیم) نے بنا دیا اس (کلمہ توحید) کو	بات	باقی رہنے والی	اپنے پچھلوں (یعنی اولاد) میں

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ (8) (28)	بَلْ	مَتَّعْتُ	هٰٓؤُلَآءِ
تاکہ وہ سب (اللہ کی طرف) رجوع کریں	بلکہ	میں نے فائدہ پہنچایا	انہیں

ضروری وضاحت

(1) فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ (2) اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (3) اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ (4) فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ (5) قَالَ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔ (6) مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ (7) سَيَهْدِيْنِ اصل میں سَيَهْدِيْنِيْ تھا آخر سے یٰ تخفیف کیلئے گری ہوئی ہے۔ (8) هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

وَ اٰبَآءَهُمْ	اور ان کے آباؤ اجداد کو
حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ	یہاں تک کہ آ گیا ان کے پاس حق!
وَ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿29﴾	اور کھول کر بیان کرنے والا رسول (بھی آ گیا)۔ ﴿29﴾
وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ	اور جب آیا اُن کے پاس حق
قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ	(تو) انہوں نے کہا یہ جادو ہے
وَّ اِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿30﴾	اور بیشک ہم اس کا انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿30﴾
وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ	اور انہوں نے کہا کیوں نہیں نازل کیا گیا یہ قرآن
عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿31﴾	(ان) دو بستیوں (مکہ وطائف) میں سے کسی بڑے آدمی پر۔ ﴿31﴾
اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ	کیا وہ تیرے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں؟
نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ	ہم نے (خود) تقسیم کیا ہے انکے درمیان انکی معیشت کو
فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ رَفَعْنَا	دنیوی زندگی میں، اور ہم نے بلند رکھا ہے
بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ	ان میں سے بعض کو بعض پر درجوں میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰبَآءَهُمْ	آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔	عَظِيْمٍ	عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
الْحَقُّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔	يَقْسِمُوْنَ	قِسم، اقسام، تقسیم، منقسم۔
رَسُوْلٌ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	رَحْمَتَ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مَّعِيْشَتَهُمْ	معیشت، فکر معاش۔
سِحْرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔	الْحَيٰوةِ	موت وحیات، حیاتی مماتی۔
نُزِّلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	رَفَعْنَا	رفعت، سطح مرتفع، اعلیٰ وارفع۔
رَجُلٍ	رجال کار، قحط الرجال۔	فَوْقَ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
الْقَرْيَتَيْنِ	قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔	دَرَجٰتٍ	درجہ، درجات، درجہ بدرجہ۔

وَ	اٰبَآءَهُمۡ	حَتّٰى	جَآءَهُمُ	الۡحَقُّ ①
اور	ان کے آباء واجداد کو	یہاں تک کہ	آ گیا ان کے پاس	حق

وَ	رَسُوۡلٌ	مُّبِيۡنٌ ﴿29﴾	وَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الۡحَقُّ ①
اور	رسول (بھی آگیا)	کھول کر بیان کرنے والا	اور جب	آیا اُن کے پاس	حق

قَالُوۡا	هٰذَا	سِحۡرٌ	وَّ	اِنَّا ②	بِهٖ	كٰفِرُوۡنَ ﴿30﴾
(تو) انہوں نے کہا	یہ	جادو (ہے)	اور	بیشک ہم	اس کا	سب انکار کرنیوالے (ہیں)

وَ	قَالُوۡا	لَوۡلَا ③	نُزِّلَ ④	هٰذَا	الۡقُرۡاٰنُ
اور	انہوں نے کہا	کیوں نہیں	نازل کیا گیا	یہ	قرآن

عَلٰى رَجُلٍ ⑤ مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيۡمٍ ﴿31﴾	اَ	هُمۡ يَقۡسِمُوۡنَ ⑥	رَحۡمَتَ ⑦ رَبِّكَ ؕ
(ان) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر	کیا	وہ سب تقسیم کرتے ہیں؟	تیرے رب کی رحمت

نَحۡنُ قَسَمۡنَا ⑧	بَيۡنَهُمۡ	مَّعِيۡشَتَهُمۡ	فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا
ہم نے (خود) تقسیم کیا ہے	ان کے درمیان	ان کی معیشت (کو)	دنیوی زندگی میں

وَ	رَفَعۡنَا	بَعۡضَهُمۡ	فَوۡقَ بَعۡضٍ	دَرَجٰتٍ
اور	ہم نے بلند رکھا ہے	ان (میں سے) بعض کو	بعض پر	درجوں (میں)

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ③ لَوۡلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ هُمۡ اور يَـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ⑦ دراصل یہ ة ہوتی ہے، قرآنی کتابت میں ة کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے۔ ⑧ نَحۡنُ اور نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔

لِّيَتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ بَعۡضًا سُخۡرِيًّا ؕ	تا کہ تابع بنالے ان میں سے بعض بعض کو
وَ رَحۡمَتُ رَبِّكَ خَيۡرٌ	اور آپ کے رب کی رحمت بہتر ہے
مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ ﴿32﴾	(اس) سے جو وہ جمع کر رہے ہیں۔ ﴿32﴾
وَلَوۡلَاۤ	اور اگر (یہ خیال) نہ ہوتا
اَنۡ يَّكُوۡنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً	کہ سب لوگ ایک (ہی) امت ہوجائیں گے
لَّجَعَلۡنَا	(تو) ضرور ہم بنادیتے
لِمَنۡ يَّكۡفُرُ بِالرَّحۡمٰنِ	(ان) کے لیے جو رحمان کے ساتھ کفر کرتے ہیں
لِبُيُوۡتِهِمۡ سُقُفًا مِّنۡ فِضَّةٍ	ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی
وَّمَعَارِجَ عَلَيۡهَا يَظۡهَرُوۡنَ ﴿33﴾ ۙ	اور سیڑھیاں (بھی) جن پر وہ اوپر چڑھتے ہیں۔ ﴿33﴾
وَلِبُيُوۡتِهِمۡ اَبۡوَابًا	اور ان کے گھروں کے دروازے
وَّ سُرُرًا عَلَيۡهَا يَتَّكِـُٔوۡنَ ﴿34﴾ ۙ	اور تخت (بھی) جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں۔ ﴿34﴾
وَ زُخۡرُفًا ؕ	(یہ سب کچھ چاندی کے بنادیتے) اور سونے (کے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّيَتَّخِذَ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	اُمَّةً	: امت، امم سابقہ، امت محمدیہ۔
بَعۡضُهُمۡ	: بعض الناس، بعض اوقات۔	وَّاحِدَةً	: واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
سُخۡرِيًّا	: مسخر، تسخیر، تسخیر کائنات۔	يَّكۡفُرُ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
رَحۡمَتُ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	بِالرَّحۡمٰنِ	: بالکل، بالمقابل، بالمشافہہ۔
خَيۡرٌ	: خیر، خیریت، خیرخواہی، صدقہ وخیرات۔	لِبُيُوۡتِهِمۡ	: بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔
مِّمَّا	: منجانب، من وعن/ماحول، ماتحت، ماجرا۔	عَلَيۡهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَجۡمَعُوۡنَ	: جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔	اَبۡوَابًا	: باب، ابواب، باب خیبر، بابِ رحمت۔
النَّاسُ	: عوام الناس، عامۃ الناس، بعض الناس۔	يَتَّكِـُٔوۡنَ	: تکیہ، گاؤتکیہ۔

لِّيَتَّخِذَ ①	بَعۡضُهُمۡ	بَعۡضًا	سُخۡرِيًّا ؕ	وَ
تاکہ وہ بنا لے	اُن کا بعض	بعض (کو)	تابع	اور

رَحۡمَتُ رَبِّكَ	خَيۡرٌ	مِّمَّا ②	يَجۡمَعُوۡنَ (32)
آپ کے رب کی رحمت	بہت بہتر (ہے)	(اس) سے جو	وہ سب جمع کر رہے ہیں

وَ	لَوۡلَاۤ ③	اَنۡ	يَّكُوۡنَ ④	النَّاسُ
اور	اگر نہ (یہ خیال ہوتا)	کہ	ہو جائیں گے	سب لوگ

اُمَّةً وَّاحِدَةً ⑤	لَّجَعَلۡنَا ⑥	لِمَنۡ	يَّكۡفُرُ ④	بِالرَّحۡمٰنِ
ایک (ہی) امت	(تو) ہم ضرور بنا دیتے	(ان) کے لیے جو	کفر کرتے ہیں	رحمان کے ساتھ

لِبُيُوۡتِهِمۡ	سُقُفًا	مِّنۡ فِضَّةٍ ⑤	وَّ	مَعَارِجَ
ان کے گھروں کی	چھتیں	چاندی سے	اور	سیڑھیاں (بھی)

عَلَيۡهَا ⑦	يَظۡهَرُوۡنَ (33) لا	وَ	لِبُيُوۡتِهِمۡ	اَبۡوَابًا
جن پر	وہ سب اوپر چڑھتے ہیں	اور	ان کے گھروں کے	دروازے

وَّ	سُرُرًا	عَلَيۡهَا ⑦	يَتَّكِـُٔوۡنَ (34) لا	وَ	زُخۡرُفًا ؕ
اور	تخت (بھی)	جن پر	وہ سب تکیہ لگاتے ہیں	اور	سونے (کے)

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ② مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ③ لَوۡلَاۤ کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ اسم کے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ⑥ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہوتی ہے۔ ⑦ عَلَيۡهَا میں هَا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے، یہاں اصل ترجمہ اُن پر تھا ضرورتاً ترجمہ جن پر کیا گیا ہے۔

وَ اِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا	اور نہیں ہے یہ سب کچھ مگر
مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ	دنیوی زندگی کا (عارضی) سامان
وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ	اور آخرت (تو) آپ کے رب کے نزدیک
لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿35﴾ ع	متقی لوگوں کے لیے ہے۔ ﴿35﴾
وَ مَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ	اور جو آنکھیں بند کرلے رحمن کے ذکر سے
نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا	(تو) ہم مقرر کردیتے ہیں اسکے لیے ایک شیطان
فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿36﴾	پھر وہ اس کا ساتھی ہوجاتا ہے۔ ﴿36﴾
وَ اِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ	اور بے شک وہ واقعی انہیں روکتے ہیں
عَنِ السَّبِيْلِ وَ يَحْسَبُوْنَ	(سیدھی) راہ سے اور وہ سمجھتے ہیں
اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿37﴾	کہ بے شک وہ ہدایت پر چلنے والے ہیں۔ ﴿37﴾
حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا	یہاں تک کہ جب وہ آئے گا ہمارے پاس
قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ	(تو) کہے گا اے کاش میرے درمیان اور تیرے درمیان

ع 10/9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لِلْمُتَّقِيْنَ : لہٰذا، الحمدللہ/ تقویٰ، متقی۔
كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	ذِكْرِ : ذکر، اذکار، مذکور۔
مَتَاعُ : متاعِ کارواں، مال ومتاع۔	الرَّحْمٰنِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
الْحَيٰوةِ : موت وحیات، حیاتی مماتی۔	شَيْطٰنًا : شیطان، حزب الشیطان، شیاطین۔
الدُّنْيَا : دنیا وآخرت، دین ودنیا، دنیاداری۔	السَّبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
الْاٰخِرَةُ : آخرت، یومِ آخرت، آخری۔	مُّهْتَدُوْنَ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
رَبِّكَ : ربّ، ربِّ کائنات، توحیدِ ربوبیت، مربی۔	بَيْنِيْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

وَ	اِنْ ①	كُلُّ ذٰلِكَ	لَمَّا ②	مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ط
اور	نہیں (ہے)	یہ سب کچھ	مگر	دنیوی زندگی کا عارضی سامان

ع 3 10 9

وَ	الْاٰخِرَةُ	عِنْدَ رَبِّكَ	لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿35﴾ ع
اور	آخرت	(تو) آپ کے رب کے نزدیک	سب متقی لوگوں کے لیے (ہے)

وَ	مَنْ ③	يَّعْشُ	عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ	نُقَيِّضْ
اور	جو	وہ آنکھیں بند کرلے	رحمن کے ذکر سے	(تو) ہم مقرر کردیتے ہیں

لَهٗ ④	شَيْطٰنًا ⑤	فَهُوَ ⑥	لَهٗ ④	قَرِيْنٌ ﴿36﴾
اس کے لیے	ایک شیطان	پھر وہ	اس کا	ساتھی (ہوجاتا ہے)

وَ	اِنَّهُمْ	لَيَصُدُّوْنَهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَ	يَحْسَبُوْنَ
اور	بیشک وہ	واقعی وہ سب روکتے ہیں انہیں	(سیدھی) راہ سے	اور	وہ سب سمجھتے ہیں

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ ⑦ ﴿37﴾	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَنَا ⑧
کہ بیشک وہ	سب ہدایت پر چلنے والے (ہیں)	یہاں تک کہ	جب	وہ آئے گا ہمارے پاس

قَالَ ⑧	يٰلَيْتَ	بَيْنِىْ	وَ	بَيْنَكَ
(تو) کہے گا	اے کاش	میرے درمیان	اور	تیرے درمیان

ضروری وضاحت

① اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن اگر اسی جملے میں اِلَّا یا لَمَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ② یہاں لَمَّا بمعنیٰ اِلَّا ہے۔ ③ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ④ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔ ⑦ مُهْتَدُوْنَ اصل میں مُهْتَدِيُوْنَ تھا، شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑧ یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ	دو مشرقوں (یعنی مشرق و مغرب) کا فاصلہ ہوتا
فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿38﴾	پس (اے شیطان تو) بُرا ساتھی ہے۔ ﴿38﴾
وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ	اور آج (یہ بات) ہرگز تمہیں نفع نہ دے گی
اِذْ ظَّلَمْتُمْ	جب کہ تم نے ظلم کیا
اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿39﴾	کہ بے شک تم سب عذاب میں شریک ہو۔ ﴿39﴾
اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ	پھر (بھلا) کیا آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں؟
اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ	یا اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہیں؟
وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿40﴾	اور (اسکو) جو واضح گمراہی میں پڑا ہو۔ ﴿40﴾
فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ	پس اگر ہم آپ کو واقعی (یہاں سے) لے بھی جائیں
فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ۙ﴿41﴾	تو بیشک ہم ان سے (ضرور) انتقام لینے والے ہیں۔ ﴿41﴾
اَوْ نُرِيَنَّكَ	یا واقعی ہم آپ کو دکھا دیں وہ (عذاب)
الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ	جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بُعْدَ	: بُعد، بعید از قیاس، بعید از عقل۔	تُسْمِعُ	: سمع و بصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔
الْمَشْرِقَيْنِ	: مشرق و مغرب، شرق و غرب۔	تَهْدِى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
يَّنْفَعَكُمْ	: نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔	ضَلٰلٍ	: ضلالت و گمراہی۔
الْيَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	مُّبِيْنٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
ظَّلَمْتُمْ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	مِنْهُمْ	: منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	مُّنْتَقِمُوْنَ	: انتقام، انتقامی کاروائی۔
الْعَذَابِ	: عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔	نُرِيَنَّكَ	: رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
مُشْتَرِكُوْنَ	: اشتراک، مشترک، شراکت۔	وَعَدْنٰهُمْ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

بُعۡدَ	الۡمَشۡرِقَيۡنِ	فَبِئۡسَ	الۡقَرِيۡنُ ﴿38﴾
فاصلہ ہوتا	دو مشرقوں (یعنی مشرق و مغرب) کا	پس (اے شیطان تو) بُرا	ساتھی (ہے)

وَ	لَنۡ يَّنۡفَعَكُمُ ①②	الۡيَوۡمَ	اِذۡ	ظَّلَمۡتُمۡ
اور	ہرگز تمہیں نفع نہ دے گی	آج (یہ بات)	جب کہ	تم نے ظلم کیا

اَنَّكُمۡ	فِى الۡعَذَابِ	مُشۡتَرِكُوۡنَ ③ ﴿39﴾	اَفَاَنۡتَ ④
کہ بے شک تم	عذاب میں	سب شریک ہونے والے	پھر (بھلا) کیا آپ

تُسۡمِعُ	الصُّمَّ ⑤	اَوۡ	تَهۡدِى	الۡعُمۡىَ ⑤
آپ سنا سکتے ہیں؟	بہروں (کو)	یا	آپ راہ دکھا سکتے ہیں؟	اندھوں (کو)

وَ	مَنۡ ⑥	كَانَ	فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿40﴾	فَاِمَّا ⑦
اور	(اسکو) جو	ہو وہ	واضح گمراہی میں (پڑا ہوا)	پس اگر

نَذۡهَبَنَّ	بِكَ	فَاِنَّا	مِنۡهُمۡ	مُّنۡتَقِمُوۡنَ ③⑧ لا ﴿41﴾
ہم (یہاں سے) واقعی لے بھی جائیں	آپ کو	تو بیشک ہم	اُن سے	(ضرور) انتقام لینے والے (ہیں)

اَوۡ	نُرِيَنَّكَ	الَّذِىۡ	وَعَدۡنٰهُمۡ
یا	واقعی ہم دکھا دیں آپ کو	(وہ عذاب) جس کا	ہم نے وعدہ کیا ہے ان سے

ضروری وضاحت

① علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔② لَنۡ فعل کے شروع میں نفی میں تاکید کی علامت ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ مَنۡ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔⑦ اِمَّا دراصل اِنۡ+مَا کا مجموعہ ہے، یہاں مَا زائد ہے۔⑧ یہاں وۡنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

فَاِنَّا عَلَيۡهِمۡ مُّقۡتَدِرُوۡنَ ﴿42﴾	تو بے شک ہم ان پر قدرت رکھنے والے ہیں۔ ﴿42﴾
فَاسۡتَمۡسِكۡ بِالَّذِىۡۤ	پس آپ مضبوطی سے تھام لیں اس کو جو
اُوۡحِىَ اِلَيۡكَ ۚ	آپ کی طرف وحی کی گئی ہے
اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿43﴾	یقیناً آپ سیدھے راستے پر ہیں۔ ﴿43﴾
وَ اِنَّهٗ لَذِكۡرٌ لَّكَ	اور بیشک یہ یقیناً ایک نصیحت ہے آپ کے لیے
وَ لِقَوۡمِكَ ۚ	اور آپ کی قوم کے لیے
وَسَوۡفَ تُسۡـَٔـلُوۡنَ ﴿44﴾	اور (لوگو) جلد تم پوچھے جاؤ گے۔ ﴿44﴾
وَسۡـَٔلۡ مَنۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ	اور پوچھیے (ان سے) جن کو ہم نے بھیجا آپ سے پہلے
مِنۡ رُّسُلِنَاۤ	اپنے رسولوں میں سے
اَجَعَلۡنَا مِنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ	کیا ہم نے بنائے ہیں رحمان کے سوا
اٰلِهَةً يُّعۡبَدُوۡنَ ﴿45﴾ ع 4/10 10	(کوئی اور) معبود (کہ) وہ عبادت کیے جائیں؟۔ ﴿45﴾
وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بھیجا موسیٰ کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- عَلَيۡهِمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- مُّقۡتَدِرُوۡنَ : قدرت، قادر، قدیر، اقتدار۔
- اسۡتَمۡسِكۡ : تمسک بالکتاب والسنہ۔
- اُوۡحِىَ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
- اِلَيۡكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
- صِرَاطٍ : صراط مستقیم، پل صراط۔
- مُّسۡتَقِيۡمٍ : صراط مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔
- وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
- لَذِكۡرٌ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
- لِقَوۡمِكَ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
- تُسۡـَٔـلُوۡنَ، سۡـَٔلۡ : سوال، سائل، مسئول۔
- اَرۡسَلۡنَا، رُّسُلِنَاۤ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
- مِنۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
- قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
- اٰلِهَةً : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
- يُّعۡبَدُوۡنَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔

فَاِنَّا	عَلَیۡهِمۡ	مُّقۡتَدِرُوۡنَ ① (42)	فَاسۡتَمۡسِكۡ
تو بے شک ہم	ان پر	سب قدرت رکھنے والے (ہیں)	پس آپ مضبوطی سے تھام لیں

بِالَّذِیۡۤ	اُوۡحِیَ ②	اِلَیۡكَ ج	اِنَّكَ	عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ (43)
(اس) کو جو	وحی کیا گیا ہے	آپ کی طرف	یقیناً آپ	سیدھے راستے پر (ہیں)

وَ	اِنَّهٗ	لَذِكۡرٌ ③④	لَّكَ	وَ	لِقَوۡمِكَ ج
اور	بیشک یہ	یقیناً ایک نصیحت (ہے)	آپ کے لیے	اور	آپ کی قوم کے لیے

وَ	سَوۡفَ ⑤	تُسۡـَٔلُوۡنَ ⑥ (44)	وَسۡـَٔلۡ
اور (لوگو!)	جلد ہی	تم سب پوچھے جاؤ گے	اور آپ پوچھیے (ان سے)

مَنۡ	اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ قَبۡلِكَ	مِنۡ رُّسُلِنَاۤ	اَ
جن کو	ہم نے بھیجا	آپ سے پہلے	اپنے رسولوں میں سے	کیا

جَعَلۡنَا	مِنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ⑦	اٰلِهَةً ⑧
ہم نے بنائے (ہیں)	رحمان کے سوا	(کوئی اور) معبود

ع 4 10 10

یُّعۡبَدُوۡنَ ⑥ ع (45)	وَ	لَقَدۡ	اَرۡسَلۡنَا	مُوۡسٰی
(کہ) وہ سب عبادت کیے جائیں؟	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	موسیٰ کو

ضروری وضاحت

① مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ علامت لَ تاکید کی علامت ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں سَوۡفَ آنے سے وہ فعل مستقبل کے لیے خاص ہوتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں تُ پر یا یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑧ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

بِاٰيٰتِنَآ	اپنی نشانیوں کے ساتھ
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ	فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف
فَقَالَ اِنِّیْ	تو اس نے کہا بے شک میں
رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿46﴾	تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔ ﴿46﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰیٰتِنَآ	پھر جب وہ آیا ان کے پاس ہماری نشانیوں کیساتھ
اِذَا هُمْ مِّنْهَا یَضْحَكُوْنَ ﴿47﴾	(تو) اچانک وہ ان (نشانیوں) سے (مذاق میں) ہنس رہے تھے۔ ﴿47﴾
وَمَا نُرِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ	اور ہم نہیں دکھاتے تھے انہیں کوئی نشانی
اِلَّا هِیَ اَكْبَرُ	مگر (یہ کہ) وہ زیادہ بڑی (یعنی بڑھی ہوئی) ہوتی ہے
مِنْ اُخْتِهَا٘ وَ اَخَذْنٰهُمْ	اپنی بہن (یعنی پہلی نشانی) سے، اور ہم نے پکڑا انہیں
بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿48﴾	عذاب میں تاکہ وہ باز آجائیں۔ ﴿48﴾
وَقَالُوْا یٰۤاَیُّهَ السّٰحِرُ	اور (جب بھی عذاب آیا) انہوں نے کہا اے جادوگر
ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا	اپنے رب سے ہمارے لیے دعا کرو اس وجہ سے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاٰیٰتِنَآ : آیت، آیات قرآنی۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فَقَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
رَسُوْلُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
رَبِّ : ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔
الْعٰلَمِیْنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
مِّنْهَا : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
یَضْحَكُوْنَ : مضحکہ خیز، تضحیک آمیز رویہ۔
نُرِیْهِمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
اَكْبَرُ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
اُخْتِهَا : اخت، اخت ہارون۔
اَخَذْنٰهُمْ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
یَرْجِعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
السّٰحِرُ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
ادْعُ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔

بِاٰيٰتِنَآ	اِلٰى فِرۡعَوۡنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ ①
اپنی نشانیوں کے ساتھ	فرعون کی طرف	اور	اس کے سرداروں (کی طرف)

فَقَالَ ②	اِنِّىۡ	رَسُوۡلُ	رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿46﴾
تو اس نے کہا	بے شک میں	رسول (ہوں)	تمام جہانوں کے رب کا

فَلَمَّا ②	جَآءَهُمۡ	بِاٰيٰتِنَآ	اِذَا ③	هُمۡ
پھر جب	وہ آیا ان کے پاس	ہماری نشانیوں کیساتھ	(تو) اچانک	وہ

مِّنۡهَا	يَضۡحَكُوۡنَ ﴿47﴾	وَمَا	نُرِيۡهِمۡ	مِّنۡ اٰيَةٍ ④⑤
ان (نشانیوں) سے	وہ سب ہنس رہے تھے	اور نہیں	ہم دکھاتے تھے اُنہیں	کوئی نشانی

اِلَّا	هِىَ ⑥	اَكۡبَرُ ⑦	مِنۡ اُخۡتِهَا ۡ	وَاَخَذۡنٰهُمۡ
مگر (یہ کہ)	وہ (ہوتی)	زیادہ بڑی (بڑھی ہوئی)	اپنی بہن (یعنی پہلی نشانی) سے	اور ہم نے پکڑا انہیں

بِالۡعَذَابِ	لَعَلَّهُمۡ	يَرۡجِعُوۡنَ ﴿48﴾	وَ	قَالُوۡا
عذاب میں	تاکہ وہ	وہ سب رجوع کریں	اور	(جب بھی عذاب آیا) انہوں نے کہا

يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ⑧	ادۡعُ	لَنَا	رَبَّكَ	بِمَا
اے جادوگر!	تو دعا کر	ہمارے لیے	اپنے رب سے	(اس) وجہ سے جو

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اس کا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔② لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔
③ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ④ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے
عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ هِىَ واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے۔⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا
مفہوم ہے۔⑧ يَا اور اَيُّهَ دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے اور عموماً اَيُّهَ وہاں آتا ہے جہاں اس کے بعد اَلۡ والا اسم ہو۔

عَهِدَ عِنۡدَكَ ۚ	اس نے تجھ سے عہد کر رکھا ہے (اگر عذاب ٹل گیا تو)
اِنَّنَا لَمُهۡتَدُوۡنَ ﴿49﴾	بیشک ہم ضرور ہدایت پانے والے ہوجائیں گے۔ ﴿49﴾
فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ الۡعَذَابَ	پھر جب ہم دور کردیتے ان سے عذاب کو
اِذَا هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ﴿50﴾	اچانک وہ عہد توڑ دیتے تھے۔ ﴿50﴾
وَنَادٰى فِرۡعَوۡنُ فِىۡ قَوۡمِهٖ	اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کی
قَالَ يٰقَوۡمِ	اس نے کہا اے میری قوم!
اَلَيۡسَ لِىۡ مُلۡكُ مِصۡرَ	کیا میرے پاس مصر کی بادشاہی نہیں؟
وَهٰذِهِ الۡاَنۡهٰرُ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِىۡ ۚ	اور یہ نہریں میرے تحت چل رہی ہیں
اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ؕ ﴿51﴾	تو (بھلا) کیا تم دیکھتے نہیں ہو۔ ﴿51﴾
اَمۡ اَنَا خَيۡرٌ مِّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ هُوَ مَهِيۡنٌ ۙ	بلکہ میں بہتر ہوں اس سے وہ جو حقیر ہے
وَّلَا يَكَادُ يُبِيۡنُ ﴿52﴾	اور قریب نہیں (کہ) وہ بات واضح کرسکے۔ ﴿52﴾
فَلَوۡلَاۤ اُلۡقِىَ عَلَيۡهِ اَسۡوِرَةٌ مِّنۡ ذَهَبٍ	پھر کیوں نہیں ڈالے گئے اس پر سونے کے کنگن

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَهِدَ	عہد، ایفائے عہد، نقض عہد، عہد نامہ۔	هٰذِهِ	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
عِنۡدَكَ	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	الۡاَنۡهٰرُ	نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔
لَمُهۡتَدُوۡنَ	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	تَجۡرِىۡ	جاری، اجرا۔
نَادٰى	ندا، منادی، ندائے ملت۔	تَحۡتِىۡ	ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
فِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔	تُبۡصِرُوۡنَ	سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
قَوۡمِهٖ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	مَهِيۡنٌ	توہین، اہانت آمیز رویہ۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	يُبِيۡنُ	بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔
مُلۡكُ	مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔	اُلۡقِىَ	القاء۔

عَهِدَ	عِنۡدَكَ ۚ ①	اِنَّنَا	لَمُهۡتَدُوۡنَ ﴿49﴾
اس نے عہد کر رکھا ہے	تجھ سے	بیشک ہم	ضرور سب ہدایت پانے والے (ہوجائیں گے)

فَلَمَّا	كَشَفۡنَا	عَنۡهُمُ	الۡعَذَابَ	اِذَا	هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ② ﴿50﴾
پھر جب	ہم دور کر دیتے	ان سے	عذاب (کو)	اچانک	وہ سب عہد توڑ دیتے تھے

وَ	نَادٰى	فِرۡعَوۡنُ	فِىۡ قَوۡمِهٖ	قَالَ	يٰقَوۡمِ ③
اور	منادی کی	فرعون نے	اپنی قوم میں	اس نے کہا	اے میری قوم!

اَ	لَيۡسَ	لِىۡ	مُلۡكُ مِصۡرَ	وَ	هٰذِهِ	الۡاَنۡهٰرُ
کیا	نہیں؟	میرے لیے	مصر کی بادشاہی	اور	یہ	نہریں

تَجۡرِىۡ ④	مِنۡ تَحۡتِىۡ ۚ ⑤	اَفَلَا	تُبۡصِرُوۡنَ ﴿51﴾ ؕ	اَمۡ ⑥	اَنَا
چل رہی ہیں	میرے تحت	پھر (بھلا) کیا نہیں	تم سب دیکھتے ہو	بلکہ	میں

خَيۡرٌ	مِّنۡ هٰذَا	الَّذِىۡ هُوَ	مَهِيۡنٌ ۙ	وَّ	لَا	يَكَادُ
بہتر (ہوں)	اس سے	وہ جو	حقیر (ہے)	اور	نہیں	وہ قریب

يُبِيۡنُ ﴿52﴾	فَلَوۡلَاۤ ⑦	اُلۡقِىَ ⑧	عَلَيۡهِ	اَسۡوِرَةٌ مِّنۡ ذَهَبٍ
(کہ) وہ بات واضح کر سکے	پھر کیوں نہیں	ڈالے گئے	اس پر	سونے کے کنگن

ضروری وضاحت

① عِنۡدَكَ کا ترجمہ تیرے پاس ہے ضرورتاً ترجمہ تجھ سے کیا گیا ہے۔ ② هُمۡ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ③ يٰقَوۡمِ دراصل يٰقَوۡمِىۡ تھا آخر سے ىۡ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ④ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ اَمۡ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ بلکہ کیا گیا ہے۔ ⑦ لَوۡلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿53﴾	یا (کیوں نہیں) آئے اس کے ہمراہ فرشتے مل کر۔ ﴿53﴾
فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ	چنانچہ اس نے ہلکا (یعنی کم عقل) بنا دیا اپنی قوم کو
فَاَطَاعُوْهُ ؕ	تو انہوں نے اس کی بات مان لی
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿54﴾	بے شک وہ نافرمان لوگ تھے۔ ﴿54﴾
فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا	پھر جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا
انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ	(تو) ہم نے انتقام لیا ان سے
فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿55﴾ ۙ	پس ہم نے غرق کر دیا انہیں سب کے سب کو۔ ﴿55﴾
فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا	پھر ہم نے بنا دیا انہیں گئے گزرے
وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿56﴾ ع	اور پیچھے آنے والوں کے لیے مثال (بنا دیا)۔ ﴿56﴾
وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا	اور جب ابن مریم کو بطور مثال بیان کیا گیا
اِذَا قَوْمُكَ	(تو) اچانک آپ کی قوم (کے لوگ)
مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿57﴾	اس سے (خوشی سے) چلّا رہے تھے۔ ﴿57﴾

ع 5 / 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَهُ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔	فَاَغْرَقْنٰهُمْ	غرق، غرقاب، مستغرق۔
الْمَلٰٓئِكَةُ	ملک الموت، ملائکہ۔	اَجْمَعِيْنَ	جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
فَاسْتَخَفَّ	خفیف، تخفیف، مخفف۔	سَلَفًا	سلف صالحین، اسلاف۔
قَوْمَهٗ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
فَاَطَاعُوْهُ	اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔	مَثَلًا	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
فٰسِقِيْنَ	فسق وفجور، فاسق وفاجر۔	لِّلْاٰخِرِيْنَ	لہٰذا / اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔
انْتَقَمْنَا	انتقام، انتقامی کاروائی۔	ضُرِبَ	ضرب المثل، ضرب الامثال۔
مِنْهُمْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	ابْنُ	ابنائے جامعہ، عیسیٰ ابن مریم، ابن عمر۔

اَوْ	جَآءَ	مَعَهُ	الْمَلٰٓئِکَةُ ①	مُقْتَرِنِیْنَ ② ﴿53﴾
یا	آجاتے	اس کے ہمراہ	فرشتے	سب ملنے والے (یعنی مل کر)

فَاسْتَخَفَّ	قَوْمَهٗ	فَاَطَاعُوْهُ ③ ط
چنانچہ اس نے ہلکا (یعنی کم عقل) بنا دیا	اپنی قوم (کو)	تو انہوں نے بات مان لی اس کی

اِنَّهُمْ	کَانُوْا	قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿54﴾	فَلَمَّآ	اٰسَفُوْنَا
بے شک وہ	سب تھے	سب نافرمان لوگ	پھر جب	انہوں نے غصہ دلایا ہمیں

انْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ ④	اَجْمَعِیْنَ ﴿55﴾ لا
(تو) ہم نے انتقام لیا	ان سے	پس ہم نے غرق کر دیا انہیں	سب کے سب کو

ع 5 11

فَجَعَلْنٰهُمْ ④	سَلَفًا	وَّ	مَثَلًا	لِّلْاٰخِرِیْنَ ﴿56﴾ ع
پھر ہم نے بنا دیا انہیں	گئے گزرے	اور	مثال (بنا دیا)	پیچھے آنے والوں کے لیے

وَ	لَمَّا	ضُرِبَ ⑤	ابْنُ مَرْیَمَ	مَثَلًا
اور	جب	بیان کیا گیا	ابن مریم (کو)	(بطور) مثال

اِذَا ⑥	قَوْمُكَ	مِنْهُ ⑦	یَصِدُّوْنَ ﴿57﴾
(تو) اچانک	آپ کی قوم (کے لوگ)	اس سے	(خوشی سے) وہ سب چلّا رہے تھے

ضروری وضاحت

① یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔④ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انہیں ہوتا ہے۔⑤ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔⑦ هٗ اصل میں اُلٹا پیش کے ساتھ هٗ تھا جب اس سے پہلے جزم ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملایا جا رہا ہو تو پھر صرف پیش سے بدل کر هُ ہو جاتا ہے۔

وَقَالُوۡٓا ءَ اٰلِهَتُنَا خَيۡرٌ اَمۡ هُوَ ؕ	اور انہوں نے کہا کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ
مَا ضَرَبُوۡهُ لَكَ	انہوں نے نہیں بیان کیا اس (مثال) کو آپ کے لیے
اِلَّا جَدَلًا ؕ	مگر جھگڑنے کے لیے
بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ خَصِمُوۡنَ ﴿58﴾	بلکہ وہ جھگڑالو لوگ ہیں۔ ﴿58﴾
اِنۡ هُوَ اِلَّا عَبۡدٌ اَنۡعَمۡنَا عَلَيۡهِ	نہیں وہ مگر ایک بندہ جس پر ہم نے انعام کیا
وَجَعَلۡنٰهُ مَثَلًا	اور ہم نے بنایا اسے مثال (نمونہ)
لِّبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿59﴾ؕ	بنی اسرائیل کے لیے۔ ﴿59﴾
وَلَوۡ نَشَآءُ لَجَعَلۡنَا	اور اگر ہم چاہتے (تو) ضرور ہم بنا دیتے
مِنۡكُمۡ مَّلٰٓئِكَةً	تمہارے عوض فرشتے
فِى الۡاَرۡضِ يَخۡلُفُوۡنَ ﴿60﴾	(جو) زمین میں جانشینی کرتے۔ ﴿60﴾
وَ اِنَّهٗ لَعِلۡمٌ لِّلسَّاعَةِ	اور بیشک وہ (عیسیٰ علیہ السلام) یقیناً ایک نشانی ہے قیامت کی
فَلَا تَمۡتَرُنَّ بِهَا	تو (لوگو!) تم ہرگز شک نہ کرو اس میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوۡٓا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مَثَلًا	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اٰلِهَتُنَا	: الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔	نَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
ضَرَبُوۡهُ	: ضرب المثل، ضرب الامثال۔	مَّلٰٓئِكَةً	: ملک الموت، ملائکہ۔
جَدَلًا	: جنگ وجدل، جدال۔	الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
قَوۡمٌ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔	فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
خَصِمُوۡنَ	: مخاصمت۔	يَخۡلُفُوۡنَ	: خلیفہ، خلافت، خلف۔
عَبۡدٌ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔	لَعِلۡمٌ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اَنۡعَمۡنَا	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	فَلَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔

وَ	قَالُوۡۤا	ءَ	اٰلِهَتُنَا	خَیۡرٌ	اَمۡ ①	هُوَ ؕ
اور	انہوں نے کہا	کیا	ہمارے معبود	بہتر (ہیں)	یا	وہ

مَا	ضَرَبُوۡهُ	لَكَ	اِلَّا	جَدَلًا ؕ
نہیں	انہوں نے بیان کیا اس (مثال) کو	آپ کے لیے	مگر	جھگڑنے کے لیے

بَلۡ	هُمۡ	قَوۡمٌ ② خَصِمُوۡنَ (58)	اِنۡ ③	هُوَ	اِلَّا	عَبۡدٌ ④
بلکہ	وہ	سب جھگڑالو لوگ (ہیں)	نہیں	وہ	مگر	ایک بندہ

اَنۡعَمۡنَا	عَلَیۡهِ	وَ	جَعَلۡنٰهُ	مَثَلًا ④
ہم نے انعام کیا	اُس پر	اور	ہم نے بنایا اسے	ایک مثال (نمونہ)

لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ (59) ؕ	وَ	لَوۡ ⑤	نَشَآءُ	لَجَعَلۡنَا	مِنۡكُمۡ ⑥
بنی اسرائیل کے لیے	اور	اگر	ہم چاہتے	(تو) ضرور ہم بنا دیتے	تمہارے عوض

مَّلٰٓئِكَةً	فِی الۡاَرۡضِ	یَخۡلُفُوۡنَ (60)	وَ	اِنَّهٗ
فرشتے	(جو) زمین میں	وہ سب جانشینی کرتے	اور	بے شک وہ (عیسیٰ علیہ السلام)

لَعِلۡمٌ ④	لِّلسَّاعَةِ	فَلَا تَمۡتَرُنَّ ⑦	بِهَا ⑧
یقیناً ایک نشانی (ہے)	قیامت کی	تو (کہہ دو لوگو!) تم ہرگز شک نہ کرو	اس میں

ضروری وضاحت

① اَمۡ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔② قَوۡمٌ لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے اسی لیے اسکی صفت خَصِمُوۡنَ جمع آئی ہے۔
③ اِنۡ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن اگر اس کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم
کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَوۡ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔⑥ مِنۡ کا ترجمہ سے ہوتا ہے یہاں ضرورتاً عوض کیا
گیا ہے۔⑦ فعل کے آخر میں نّ تاکید کی علامت ہے۔⑧ بِ کا ترجمہ سے، ساتھ ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ میں کیا گیا ہے۔

وَاتَّبِعُوۡنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿61﴾	اور میری پیروی کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔ ﴿61﴾
وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيۡطٰنُ ۚ	اور تمھیں ہرگز نہ روکے (اس سے) شیطان
اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿62﴾	بے شک وہ تمہارے لیے کھلا دشمن ہے۔ ﴿62﴾
وَلَمَّا جَآءَ عِيۡسٰى بِالۡبَيِّنٰتِ	اور جب آیا عیسیٰ واضح دلائل کے ساتھ
قَالَ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ	اس نے کہا یقیناً میں آیا ہوں تمہارے پاس
بِالۡحِكۡمَةِ	حکمت کے ساتھ (یعنی حکمت لے کر)
وَلِاُبَيِّنَ لَكُمۡ	اور تاکہ میں واضح کردوں تمہارے لیے
بَعۡضَ الَّذِىۡ تَخۡتَلِفُوۡنَ فِيۡهِ ۚ	بعض وہ باتیں جس میں تم اختلاف کرتے ہو
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿63﴾	سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿63﴾
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ	بے شک اللہ وہی میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے
فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿64﴾	پس اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔ ﴿64﴾
فَاخۡتَلَفَ الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ	پھر اختلاف کیا کئی گروہوں نے اپنے درمیان (آپس میں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّبِعُوۡنِ	اتباع، تابع، متبع سنت۔	بَعۡضَ	بعض الناس، بعض اوقات۔
هٰذَا	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔	تَخۡتَلِفُوۡنَ	خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔
صِرَاطٌ	صراط مستقیم، پل صراط۔	فَاتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔
مُّسۡتَقِيۡمٌ	صراط مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔	اَطِيۡعُوۡنِ	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
عَدُوٌّ	عدو، اعداء، عداوت۔	فَاعۡبُدُوۡهُ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
مُّبِيۡنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	الۡاَحۡزَابُ	حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مِنۡۢ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
بِالۡحِكۡمَةِ	بالکل، بالواسطہ/حکمت و دانائی، حکیم۔	بَيۡنِهِمۡ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

وَ	اتَّبِعُوْنِ ط ①	هٰذَا	صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ 61	وَ	لَا يَصُدَّنَّكُمُ ②
اور	تم سب میری پیروی کرو	یہی	سیدھا راستہ (ہے)	اور	ہرگز نہ روکے تمہیں (اس سے)

الشَّيْطٰنُ ج ③	اِنَّهٗ	لَكُمْ ④	عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ 62	وَ	لَمَّا
شیطان	بے شک وہ	تمہارے لیے	کھلا دشمن (ہے)	اور	جب

جَآءَ	عِيْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالَ	قَدْ ⑤	جِئْتُكُمْ
آیا	عیسیٰ	واضح دلائل کے ساتھ	اس نے کہا	یقیناً	میں آیا ہوں تمہارے پاس

بِالْحِكْمَةِ	وَ	لِاُبَيِّنَ	لَكُمْ ④	بَعْضَ الَّذِىْ
حکمت کے ساتھ (یعنی حکمت لے کر)	اور	تا کہ میں واضح کردوں	تمہارے لیے	بعض (وہ باتیں) جو

تَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ ج	فَاتَّقُوا اللّٰهَ ③	وَ	اَطِيْعُوْنِ ① 63
تم سب اختلاف کرتے ہو	اُس میں	سو تم اللہ سے ڈرو	اور	تم سب میری اطاعت کرو

اِنَّ اللّٰهَ ⑤	هُوَ	رَبِّىْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ ط ⑥	هٰذَا
بیشک اللہ	وہی	میرا رب (ہے)	اور تمہارا رب (ہے)	پس تم سب عبادت کرو اسی کی	یہی

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ 64	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ ③	مِنْۢ بَيْنِهِمْ ج ②
سیدھا راستہ (ہے)	پھر اختلاف کیا	کئی گروہوں نے	اپنے درمیان (یعنی آپس میں)

ضروری وضاحت

① دراصل اتَّبِعُوْنِىْ اور اَطِيْعُوْنِىْ تھا فعل کے آخر میں جب ىْ لگائی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ کرتے ہیں، یہاں ىْ تخفیف کیلئے گری ہوئی ہے۔ ② یہاں يَ اور مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو مفعول ہوتا ہے۔ ④ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔ ⑤ قَدْ اور اِنَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑥ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ	پس تباہی ہے (اُن لوگوں) کے لیے جنہوں نے
ظَلَمُوۡا مِنۡ عَذَابِ يَوۡمٍ اَلِيۡمٍ ﴿65﴾	ظلم کیا ایک دردناک دن کے عذاب سے۔ ﴿65﴾
هَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا السَّاعَةَ	نہیں وہ انتظار کر رہے مگر قیامت کا
اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً	کہ وہ آجائے ان پر اچانک
وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿66﴾	جبکہ وہ شعور نہ رکھتے ہوں۔ ﴿66﴾
اَلۡاَخِلَّآءُ يَوۡمَئِذٍۢ بَعۡضُهُمۡ	سب دلی دوست اس دن ان میں سے بعض
لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ	بعض کے (یعنی ایک دوسرے کے) دشمن ہونگے
اِلَّا الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿67﴾ ع 6/11/12	سوائے متقیوں کے (کہ وہ باہم دوست ہی رہیں گے)۔ ﴿67﴾
يٰعِبَادِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمُ الۡيَوۡمَ	اے میرے بندوں آج نہ تم پر کوئی خوف ہے
وَلَاۤ اَنۡتُمۡ تَحۡزَنُوۡنَ ﴿68﴾	اور نہ تم غمگین ہوگے۔ ﴿68﴾
اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰيٰتِنَا	(وہ لوگ) جو ایمان لائے ہماری آیات پر
وَكَانُوۡا مُسۡلِمِيۡنَ ﴿69﴾	اور وہ فرمانبردار تھے۔ ﴿69﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَلَمُوۡا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	عَدُوٌّ	عدو، اعداء، عداوت۔
مِنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الۡمُتَّقِيۡنَ	تقویٰ، متقی۔
يَوۡمٍ	یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	يٰعِبَادِ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اَلِيۡمٍ	عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔	خَوۡفٌ	خوف، خائف، خوف وہراس۔
يَنۡظُرُوۡنَ	انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔	تَحۡزَنُوۡنَ	حزن وملال، عام الحزن۔
يَشۡعُرُوۡنَ	عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔	اٰمَنُوۡا	امن، ایمان، مومن۔
اَلۡاَخِلَّآءُ	خلیل، خلیل اللہ۔	بِاٰيٰتِنَا	آیات، آیتِ قرآنی۔
بَعۡضُهُمۡ	بعض الناس، بعض اوقات۔	مُسۡلِمِيۡنَ	مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔

فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ① (65)
پس تباہی (ہے)	(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے ظلم کیا	ایک دردناک دن کے عذاب سے

هَلْ ②	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ ③	اَنْ
نہیں	وہ سب انتظار کررہے	مگر	قیامت (کا)	کہ

تَاْتِيَهُمْ ③	بَغْتَةً ③	وَّ	هُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ④ (66)
وہ آجائے ان پر	اچانک	جبکہ	وہ سب	وہ سب شعور نہ رکھتے ہوں

اَلْاَخِلَّآءُ	يَوْمَئِذٍۢ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ ⑤	عَدُوٌّ
سب دلی دوست	اس دن	اُن کے بعض	بعض کے	دشمن (ہونگے)

ع 6 11 12

اِلَّا	الْمُتَّقِيْنَ (67) طع	يٰعِبَادِ ⑥	لَا خَوْفٌ ①	عَلَيْكُمْ
سوائے	متقیوں کے	اے (میرے) بندو	نہ کوئی خوف (ہے)	تم پر

الْيَوْمَ	وَ	لَآ	اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ⑦ (68) ج	اَلَّذِيْنَ
آج	اور	نہ	تم سب غمگین ہوگے	(وہ لوگ) جو

اٰمَنُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ	كَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ (69) ج
سب ایمان لائے	ہماری آیات پر	اور	وہ سب تھے	سب فرمانبردار

ضروری وضاحت

